Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NOHA & MARSIYA

Jab Sarnigoon Hua Alam-e-Kahkashan-e-Shab

جب سرنگوں ہوا علم کہکشان شب

Marsiya by Mirza Dabeer

Source: Urdu text: Urdu Wikisource (public domain). Roman Urdu and English: prepared by the Centre.

1

Jab sarnigoon hua alam-e-kahkashan-e-shab	جب سرنگوں ہوا علم کہکشان شب
Khursheed ke nishan ne mitaya nishan-e-shab	خورشید کے نشاں نے مٹایا نشان شب
Teer-e-shahab se hui khaali kaman-e-shab	تیر شہاب سے ہوئی خالی کمان شب
Taani na phir shua-e-qamar ne sinan-e-shab	تانی نہ پھر شعاع قمر نے سنان شب
Aayi lo subh zewar-e-jangi sanwar ke	آئی لو صبح زیور جنگی سنوار کے
Shab ne zirah sitaron ki rakh di utar ke	شب نے زرہ ستاروں کی رکھ دی اتار کے

When the standard of night's Milky Way was lowered,
the sun's banner wiped out the banner of night;
night's bow was emptied of its meteor arrows;
the moonbeam levelled night's spear no more.
See, morning came, arrayed in the ornaments of war;
night took off its mail of stars and laid it aside.

Free to read, copy and share

2

Shamsheer-e-mashriqi jo charhi charkh par shitab
شمشیر مشرقی جو چڑھی چرخ پر شتاب

Phir tegh-e-maghribi ne dikhai na aab-o-taab
پھر تیغ مغربی نے دکھائی نہ آب و تاب

Tha bas ke garm khanjar-e-baiza-e-aftab
تھا بس کہ گرم خنجر بیضائے آفتاب

Baqi raha na chashma-e-neelofari mein aab
باقی رہا نہ چشمۂ نیلوفری میں آب

Mohtaj mahtab hua aab-o-taab ka
محتاج ماہتاب ہوا آب و تاب کا

Bagh-e-jahan mein phool khila aftab ka
باغ جہاں میں پھول کھلا آفتاب کا

When the sword of the east swiftly climbed the sky,
the blade of the west showed its sheen no more;
so hot was the shining dagger of the sun
that no water was left in the azure spring.
The moon came to need a lustre of its own;
in the garden of the world the flower of the sun opened.

3

Thi josh-e-khoon ke aariza mein mubtala shafaq
تھی جوش خوں کے عارضہ میں مبتلا شفق

Fassad-e-subh aaya liye nishtar-o-tabaq
فصاد صبح آیا لیے نشتر و طبق

Kholi shafaq ki fasd to rang-e-ufuq tha faq
کھولی شفق کی فصد تو رنگ افق تھا فق

Gul rang tha saheefa-e-gardoon waraq waraq
گل رنگ تھا صحیفۂ گردوں ورق ورق

Khoon-e-shafaq mein surkh qaza ne qalam kiya
خون شفق میں سرخ قضا نے قلم کیا

Aur khatt-o-khaal-e-roz-e-shahadat raqam kiya
اور خط و خال روز شہادت رقم کیا

The red of dawn was suffering from a rush of blood;
the bloodletter of morning came with lancet and basin;
when he opened the vein of the dawn, the horizon turned pale;
the book of the heavens was rose-red, page after page.
Fate reddened its pen in the blood of the dawn
and wrote out the features of the day of martyrdom.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

4

Sarf-e-nigahdasht hua shah-e-khush nihad
صرف نگاہ داشت ہوا شاہ خوش نہاد

Daftar kusha ne khol diya daftar-e-murad
دفتر کشا نے کھول دیا دفتر مراد

Chehra pe subh ke jo kiya aab-e-zar se saad
چہرہ پہ صبح کے جو کیا آب زر سے صاد

Kafoor ho gayi shab-e-tareek ki midad
کافور ہو گئی شب تاریک کی مداد

Rutba se sarfaraz kiya mahtab ko
رتبہ سے سرفراز کیا ماہتاب کو

Ohda haraawali ka diya aftab ko
عہدہ ہراولی کا دیا آفتاب کو

The King of noble nature turned to keeping watch;
the keeper of records opened the register of wishes;
when he set his mark of approval in liquid gold on the face of morning,
the ink of the dark night vanished like camphor.
He raised the moon in rank
and gave the sun the command of the vanguard.

5

Tughra navees-e-roz ne phir jis qadar likha
طغرا نویس روز نے پھر جس قدر لکھا

Wo harf harf mujib-e-hukm-e-qadar likha
وہ حرف حرف موجب حکم قدر لکھا

Khursheed ko haraawal-e-fauj-e-sahar likha
خورشید کو ہراول فوج سحر لکھا

Hur ko haraawal-e-shah-e-wala guhar likha
حرؑ کو ہراول شہ والا گہر لکھا

Chehra jo do haraawalon ka ek ja hua
چہرہ جو دو ہراولوں کا ایک جا ہوا

Par Hur ka naam mehr se raushan siwa hua
پر حرؑ کا نام مہر سے روشن سوا ہوا

Then all that the day's writer of decrees set down
he wrote letter by letter as Destiny commanded:
he wrote down the sun as vanguard of the army of dawn,
and Hurr as vanguard of the King of noble lineage.
When the muster of the two vanguards was entered together,
the name of Hurr shone brighter than the sun.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

6

Shab ne nikala pamba-e-akhtar jo kaan se
شب نے نکالا پنبۂ اختر جو کان سے

Ghul naubat-e-sahar ka suna aasmaan se
غل نوبت سحر کا سنا آسمان سے

Aur shor kos-e-rehlat-e-sarwar jahan se
اور شور کوس رحلت سرور جہان سے

Faryad wa Husain haram ki zaban se
فریاد وا حسینؑ حرم کی زبان سے

Nara suna azan ka khiyam-e-Imam se
نعرہ سنا اذاں کا خیام امام سے

Aur uqtul-ul-Husain ka ghul fauj-e-Shaam se
اور اقتل الحسینؑ کا غل فوج شام سے

When night took the cotton of the stars out of its ears,
it heard from the sky the din of the drums of dawn,
and the beat of the drum for the master's departure from the world,
and the cry 'Alas, Husain (a)!' on the lips of the women;
it heard the call to prayer from the Imam's tents,
and from the army of Syria the cry 'Kill Husain (a)!'

7

Masroof daar-o-geer mein tha khusrau-e-sahar
مصروف دار و گیر میں تھا خسرو سحر

Darya ke bandobast mein thi fauj-e-bad guhar
دریا کے بندوبست میں تھی فوج بد گہر

Zahir mein aab-e-nahr pe qabza tha sar ba sar
ظاہر میں آب نہر پہ قبضہ تھا سر بسر

Batin mein sab ki milk mein thi aatish-e-saqar
باطن میں سب کی ملک میں تھی آتش سقر

Aawaz aa rahi thi mazar-e-Rasool se
آواز آرہی تھی مزار رسولؐ سے

Mehr-e-Batool chhin gaya Ibn-e-Batool se
مہر بتولؑ چھن گیا ابن بتول سے

The king of dawn was busy seizing and arresting;
the base-born army was busy holding the river;
outwardly they had taken the river's water entirely,
inwardly the fire of Hell was what they all possessed.
A voice was coming from the tomb of the Prophet (s):
'The dowry of Batool (a) has been snatched from Batool's son!'

Free to read, copy and share

8

Chaaron taraf tha bas ke hujoom-e-sipah-e-Shaam
چاروں طرف تھا بس کہ ہجوم سپاہ شام

Goya siyah posh tha aab-e-rawan tamam
گویا سیاہ پوش تھا آب رواں تمام

Matam pe tha ke malik-e-Kausar hai tishna kaam
ماتم پہ تھا کہ مالک کوثر ہے تشنہ کام

Gham se ulat diye the hababon ne apne jaam
غم سے الٹ دیئے تھے حبابوں نے اپنے جام

Darya jo door pyaas mein tha shah ki fauj se
دریا جو دور پیاس میں تھا شہ کی فوج سے

Munh par tamanche maarta tha dast-e-mauj se
منہ پر طمانچے مارتا تھا دست موج سے

So thick on every side was the throng of the army of Syria
that all the flowing water seemed dressed in black;
it was in mourning that the master of Kausar was parched;
in grief the bubbles had turned their cups upside down.
Since the river was kept far from the King's thirsty army,
it struck its own face with the hand of its waves.

9

Khema mein Ibn-e-Saad ke majma tha be shumar
خیمہ میں ابن سعد کے مجمع تھا بے شمار

Baitha tha zard ru sar-e-kursi-e-zar nigar
بیٹھا تھا زرد رو سر کرسیٔ زر نگار

Jasoos pehluon mein khare the ummeedwar
جاسوس پہلوؤں میں کھڑے تھے امیدوار

Aur hukm-e-saf kashi ka naqeebon ko intezar
اور حکم صف کشی کا نقیبوں کو انتظار

Jo qasd tha wo deen ke barbad hone ka
جو قصد تھا وہ دین کے برباد ہونے کا

Jo zikr tha wo Fatima Zahra ke rone ka
جو ذکر تھا وہ فاطمہؑ زہرا کے رونے کا

In the tent of Ibn Saad there was a countless crowd;
he sat pale-faced on a gilded chair;
spies stood at his sides, hoping for reward,
and the heralds waited for the order to draw up the ranks.
Every purpose there was the ruin of the faith;
every word spoken was of the weeping of Fatima (a) Zahra.

Free to read, copy and share

10

Kehne laga rafeeqon se khush ho ke wo shareer
کہنے لگا رفیقوں سے خوش ہو کے وہ شریر

Ik khwab main ne dekha hai aaj ae jawan-o-peer
اک خواب میں نے دیکھا
ہے آج اے جوان وپیر

Kehne lage ye dast-e-adab baandh kar shareer
کہنے لگے یہ دست ادب باندھ کر شریر

Irshad ho wo dekha hai kya khwab ae amir
ارشاد ہو وہ دیکھا ہے کیا خواب اے امیر

Bola wo fikr-e-jang se tha iztirab mein
بولا وہ فکر جنگ سے تھا اضطراب میں

Apne Nabi ko zibah kiya main ne khwab mein
اپنے نبیؐ کو ذبح کیا میں نے خواب میں

That wicked man said gleefully to his companions,
'Young and old, I have had a dream today.'
The wicked men folded their hands respectfully and said,
'Tell us, commander, what is the dream you have seen?'
He said, 'I was restless with thoughts of battle;
in my dream I slaughtered our own Prophet (s).'

11

Sab ne kaha ke fatah mubarak ho ae Umar
سب نے کہا کہ فتح مبارک ہو اے عمر

Kaata sar-e-Husain to kaata Nabi ka sar
کاٹا سر حسینؑ تو کاٹا نبیؐ کا سر

Chillaya Shimr khwab hai apna ajeeb tar
چلایا شمر خواب ہے اپنا عجیب تر

Goya sawar hoon shah-e-bekas ke seena par
گویا سوار ہوں شہ بیکس کے سینہ پر

Mutlaq kiya na paas Rasool-e-anam ka
مطلق کیا نہ پاس رسولؐ انام کا

Khanjar se main ne qata kiya sar Imam ka
خنجر سے میں نے قطع کیا سر امامؑ کا

All said, 'Congratulations on the victory, Umar ibn Saad!
Cut off Husain's (a) head and you cut off the Prophet's (s) head.'
Shimr cried, 'My dream is stranger still:
it is as if I sit astride the chest of the helpless King;
with no regard at all for the Messenger (s) of mankind,
I cut off the Imam's (a) head with a dagger.'

Free to read, copy and share

12

Ye sun ke Hurmula ne kaha khwab sun mera
یہ سن کے حرملہ نے کہا خواب سن مرا

Goya kiye hain tu ne do khilat mujhe ata
گویا کیے ہیں تو نے دو خلعت مجھے عطا

Hain do nishane teer ke mere juda juda
ہیں دو نشانے تیر کے میرے جدا جدا

Ik bazu-e-Husain aur ik tifl ka gala
اک بازوئے حسینؑ اور اک طفل کا گلا

Bete ka aur pidar ka lahu mil ke beh gaya
بیٹے کا اور پدر کا لہو مل کے بہ گیا

Wo mar gaya tarap ke ye chup ho ke reh gaya
وہ مر گیا تڑپ کے یہ چپ ہو کے رہ گیا

Hearing this, Hurmala said, 'Hear my dream:
it is as if you have given me two robes of honour;
my arrow has two separate targets,
one the arm of Husain (a), the other a child's throat;
the blood of son and father flowed out together;
the one writhed and died, the other fell silent.'

13

Bola adu hai kehne ki kya is mein ehtiyaj
بولا عدو ہے کہنے کی کیا اس میں احتیاج

Sab kuchh tumhare waaste hai baad-e-fatah aaj
سب کچھ تمہارے واسطے ہے بعد فتح آج

Jis zakhm ka rafu ho na jis dard ka ilaj
جس زخم کا رفو ہو نہ جس درد کا علاج

Aaj Ibn-e-Fatima ke liye us ka ho rawaj
آج ابن فاطمہؑ کے لیے اس کا ہو رواج

Sadat ki radaen bhi lo shah ka sar bhi lo
سادات کی ردائیں بھی لو شہ کا سر بھی لو

Khilat bhi lo khitab bhi lo maal-o-zar bhi lo
خلعت بھی لو خطاب بھی لو مال و زر بھی لو

The enemy said, 'What need is there to say it?
After today's victory everything is yours;
the wound that cannot be stitched, the pain that has no cure,
let that be the custom today for the son of Fatima (a);
take the veils of the Sayyid women, take the King's head too;
take robes of honour, take titles, take wealth and gold.'

Free to read, copy and share

14

Jasooson ko qareeb bula kar kahi ye baat
جاسوسوں کو قریب بلا کر کہی یہ بات

Lo tum bhi ab kaho khabar-e-shah-e-nek zaat
لو تم بھی اب کہو خبر شاہ نیک ذات

Kyun kar baghair aab kati ye tamam raat
کیوں کر بغیر آب کٹی یہ تمام رات

Kya guzri shab ko pyaason pe ab kya hai wardaat
کیا گزری شب کو پیاسوں پہ اب کیا ہے واردات

Nama to koi ahl-e-watan ko likha nahin
نامہ تو کوئی اہل وطن کو لکھا نہیں

Bahr-e-kumak kisi ko talab to kiya nahin
بہر کمک کسی کو طلب تو کیا نہیں

Calling the spies close, he said this:
'Now you too tell me the news of the noble King:
how did he get through this whole night without water?
What befell the thirsty in the night, and how do things stand now?
He has not written a letter to the people of his homeland,
has he? He has not sent for anyone to help him?

15

Kis kis ko shah ne aslaha bakhsha hai kuchh suna
کس کس کو شہ نے اسلحہ بخشا ہے کچھ سنا

Shamsheer-e-Haidari hui kis sher ko ata
شمشیر حیدری ہوئی کس شیر کو عطا

Pichhle ko khemagah mein kyun hashr tha bapa
پچھلے کو خیمہ گاہ میں کیوں حشر تھا بپا

Hum ko to dete hoyen ge Shabbir bad dua
ہم کو تو دیتے ہوئیں گے شبیرؑ بد دعا

Mushtaqi-e-ajal hai ke shauq-e-jihad hai
مشتاقیٔ اجل ہے کہ شوق جہاد ہے

Jasoos ne kaha ke faqat Haq ki yaad hai
جاسوس نے کہا کہ فقط حق کی یاد ہے

Have you heard to whom the King has given weapons?
To which lion was the sword of Haidar given?
Why was there an uproar in the camp late in the night?
Shabbir must be cursing us.
Is it a longing for death, or zeal for fighting in God's way?'
The spy said, 'It is only the remembrance of God.'

Free to read, copy and share

16

Har sajde mein shafaat-e-ummat ki thi dua
ہر سجدے میں شفاعت امت کی تھی دعا

Kaisi madad Husain ko hai ehtiyaj kya
کیسی مدد حسینؑ کو ہے احتیاج کیا

Akbar se shah kehte the beta watan ko ja
اکبرؑ سے شاہ کہتے تھے بیٹا وطن کو جا

Tanhai ki ajal mein hai pyare bara maza
تنہائی کی اجل میں ہے پیارے بڑا مزا

Kab aslaha kisi ko diya hai Husain ne
کب اسلحہ کسی کو دیا ہے حسینؑ نے

Taqseem sab ko sabr kiya hai Husain ne
تقسیم سب کو صبر کیا ہے حسینؑ نے

'In every prostration his prayer was to intercede for the community;
what help? What need has Husain (a)?
The King was telling Akbar (a), "Son, go home;
there is great sweetness, my dear, in dying alone."
When has Husain (a) given weapons to anyone?
Husain (a) has shared out patience among them all.

17

Pichhle ke pahar rone ka mazmoon hai dardnak
پچھلے کے پہر رونے کا مضموں ہے دردناک

Shabbir ne Sakina ka kurta kiya tha chaak
شبیرؑ نے سکینہؑ کا کرتا کیا تھا چاک

Munh par mali phir us ke yateemon ki tarah khaak
منہ پر ملی پھر اس کے یتیموں کی طرح خاک

Kehte the sab na sulh hui ae Imam-e-pak
کہتے تھے سب نہ صلح ہوئی اے امام پاک

Farmate the Husain ke kal sulh hoye gi
فرماتے تھے حسینؑ کہ کل صلح ہوئے گی

Lekin wo sulh hogi ke sab khalq roye gi
لیکن وہ صلح ہوگی کہ سب خلق روئے گی

The story of the weeping in the last watch of the night is painful:
Shabbir had torn Sakina's shirt,
then rubbed dust on her face as on an orphan's;
all were saying, "No peace was made, O pure Imam."
Husain (a) said, "Tomorrow peace will be made,
but it will be such a peace that all creation will weep."

Free to read, copy and share

18

Hazrat ne bekasi se kaha jab ke ye sukhan
حضرت نے بے کسی سے کہا جب کہ یہ سخن

Mil kar gale se bhai ke rone lagi behan
مل کر گلے سے بھائی کے رونے لگی بہن

Pehnaye apne beton ko chhote se do kafan
پہنائے اپنے بیٹوں کو چھوٹے سے دو کفن

Zainab hui jawani-e-Akbar pe nauha zan
زینبؑ ہوئی جوانیٔ اکبر پہ نوحہ زن

Ghash par ghash aaya badsha-e-be nazeer ko
غش پر غش آیا بادشۂ بے نظیر کو

Akbar ne bakhshwaya jo madar se sheer ko
اکبرؑ نے بخشوایا جو مادر سے شیر کو

When the Hazrat spoke these words in his helplessness,
his sister embraced her brother and began to weep;
she dressed her sons in two small shrouds;
Zainab lamented over Akbar's youth.
Faint after faint came over the peerless King
when Akbar (a) asked his mother to forgive him her milk.

19

Pyaase to hain Husain par is zabt par fida
پیاسے تو ہیں حسینؑ پر اس ضبط پر فدا

Ik chashma khemagah mein is waqt tak raha
اک چشمہ خیمہ گاہ میں اس وقت تک رہا

Peene diya kisi ko na khud shah ne piya
پینے دیا کسی کو نہ خود شاہ نے پیا

Dhoya kafan ko ghusl kiya aur wuzu kiya
دھویا کفن کو غسل کیا اور وضو کیا

Nahr-e-bahisht bahr-e-taharat khud aayi thi
نہر بہشت بہر طہارت خود آئی تھی

Goya Rasool zade ke ghar mein khudai thi
گویا رسول زادے کے گھر میں خدائی تھی

Husain (a) is thirsty, yet, my life for such restraint,
a spring remained in the camp until that hour:
the King let no one drink from it, nor drank himself;
he washed his shroud, bathed and made his ablutions.
The river of paradise had come of itself for his purification,
as if the power of God dwelt in the house of the Prophet's grandson.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

20

Lete hue khabar jo phire hum har ek ja
لیتے ہوئے خبر جو پھرے ہم ہر ایک جا

Par soo-e-pusht-e-khema na apna qadam barha
پر سوئے پشت خیمہ نہ اپنا قدم بڑھا

Aati thi haaye haaye pisar ki wahan nida
آتی تھی ہائے ہائے پسر کی وہاں ندا

Shabbir kehte the ye meri maan ki hai sada
شبیرؑ کہتے تھے یہ مری ماں کی ہے صدا

Khema ke gird nara-e-sher aashkar tha
خیمہ کے گرد نعرۂ شیر آشکار تھا

Aayi sada wo sher-e-Khuda be qarar tha
آئی صدا وہ شیر خدا بے قرار تھا

As we went about everywhere gathering news,
our feet would not go towards the back of the tent:
from there came the cry "Alas, alas, my son!";
Shabbir was saying, "This is my mother's voice."
Around the tent the roar of a lion could be heard;
a voice came: it was the Lion of God in distress.'

21

Hai aaj to har ek tarah apni hi zafar
ہے آج تو ہر ایک طرح اپنی ہی ظفر

Haan ab silah baandhen jawanan-e-zi hunar
ہاں اب سلاح باندھیں جوانان ذی ہنر

Daure naqeeb baandh ke daaman idhar udhar
دوڑے نقیب باندھ کے دامن ادھر ادھر

Do laakh mustaid hue qatl-e-Husain par
دو لاکھ مستعد ہوئے قتل حسینؑ پر

Insaf keh raha tha ke ye kya khayal hai
انصاف کہہ رہا تھا کہ یہ کیا خیال ہے

Ae zalimo Batool ka ye ek laal hai
اے ظالمو بتولؑ کا یہ ایک لال ہے

'Today the victory is ours in every way;
come, let the skilled young men buckle on their arms.'
The heralds tucked up their skirts and ran this way and that;
two hundred thousand made ready to kill Husain (a).
Justice was saying, 'What thought is this?
You tyrants, this is the one son left to Batool (a)!'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

22

Jab morche bandhe to alam yak qalam khule
جب مورچے بندھے تو علم یک قلم کھلے

Teer-e-jafa kamanon ki meezan mein tule
تیر جفا کمانوں کی میزان میں تلے

Qarna ka zor-o-shor wo naubat ke ghulghule
قرنا کا زور و شور وہ نوبت کے غلغلے

Jin ki sada se khoon ho khushk aur tan ghule
جن کی صدا سے خون ہو خشک اور تن گھلے

Tarkash ke teer dekh ke aata tha dhyan mein
ترکش کے تیر دیکھ کے آتا تھا دھیان میں

Ghul ke sabab se ungliyan dete the kaan mein
غل کے سبب سے انگلیاں دیتے تھے کان میں

When the lines were drawn up, the standards all unfurled at once;
the arrows of cruelty were weighed in the scales of the bows;
the blare of the horns, the clamour of the drums,
at whose sound the blood would dry and the body waste away!
Seeing the arrows in the quivers, one would think
they were putting their fingers in their ears against the din.

23

Jaroob kash ne aaina ran ko bana diya
جاروب کش نے آئینہ رن کو بنا دیا

Saqqon ne harbgah mein darya baha diya
سقوں نے حرب گاہ میں دریا بہا دیا

Paigham-e-soor shor-e-duhl ne suna diya
پیغام صور شور دہل نے سنا دیا

Baang-e-naqeeb ne dil-e-aada barha diya
بانگ نقیب نے دل اعدا بڑھا دیا

Ghul tha ke koi dam mein shah-e-dosara nahin
غل تھا کہ کوئی دم میں شہ دوسرا نہیں

Zainab ka ab jahan mein koi aasra nahin
زینبؑ کا اب جہاں میں کوئی آسرا نہیں

The sweepers made the battlefield a mirror;
the water-carriers poured a river over the field of war;
the din of the drums brought the message of the Last Trumpet;
the heralds' call raised the spirits of the enemy.
The cry went up that in a moment the King of both worlds would be no more,
that Zainab (a) now had no one to lean on in the world.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

24

Ab aan kar Husain ka dekho jalal-o-jaah	اب آن کر حسینؑ کا دیکھو جلال و جاہ
Ban mein shagufta hai chaman-e-qudrat-e-ilah	بن میں شگفتہ ہے چمن قدرت الہٰ
Maidan mein sipah hai khema mein badshah	میدان میں سپاہ ہے خیمہ میں بادشاہ
Anjum to mahv-e-sair hain burj-e-sharaf mein mah	انجم تو محو سیر ہیں برج شرف میں ماہ
Kya ba wafa sipah-e-shah-e-deen panah hai	کیا باوفا سپاہ شہ دیں پناہ ہے
Do din ke pyaas un ki wafa par gawah hai	دو دن کے پیاس ان کی وفا پر گواہ ہے

Now come and see the majesty and glory of Husain (a):
in the wilderness the garden of God's power is in bloom;
the army is on the field, the King is in his tent;
the stars are on the move, the moon is in its house of exaltation.
How loyal is the army of the King, the refuge of the faith!
Two days of thirst bear witness to their loyalty.

25

Thi bas ke aamad aamad-e-Ibn-e-Abu Turab	تھی بس کہ آمد آمد ابن ابو تراب
Tha haath mein Khizr ke asa-e-pur aab-o-taab	تھا ہاتھ میں خضر کے عصائے پر آب و تاب
Ilyas aab paash the ba deeda-e-pur aab	الیاسؑ آب پاش تھے با دیدۂ پر آب
Farsh-e-zari bichhaye the farrash-e-mahtab	فرش زری بچھائے تھے فراش ماہتاب
Haalat thi ghair bint-e-risalat panah ki	حالت تھی غیر بنت رسالت پناہ کی
Baalon se jhaarti thi zameen qatlgah ki	بالوں سے جھاڑتی تھی زمیں قتل گاہ کی

Since the son of Abu Turab was about to come,
Khizr held a gleaming staff in his hand;
Ilyas (a), with tearful eyes, was sprinkling water;
the moon, as attendant, had spread a golden carpet;
the daughter of the refuge of prophethood was distraught:
she was sweeping the ground of the place of slaughter with her hair.

Free to read, copy and share

26

Qurban bargah-e-Husain-o-nisar-e-fauj — قربان بارگاہ حسینؑ و نثار فوج

Khema falak shukoh to ye fauj arsh auj — خیمہ فلک شکوہ تو یہ فوج عرش اوج

Jannat rawaq zeenat-e-aafaq hoor-o-zauj — جنت رواق زینت آفاق حور و زوج

Darya zirah nahang sipar barq tegh mauj — دریا زرہ نہنگ سپر برق تیغ موج

Kya un ke aage saulat-e-Sohrab-o-Zaal hai — کیا ان کے آگے صولت سہراب و زال ہے

Zaal un ke raub-o-dabdaba se peer-e-zaal hai — زال ان کے رعب و دبدبہ سے پیر زال ہے

My life for the court of Husain (a), my life for his army!
The tent is as majestic as the sky, the army as high as the Throne;
galleries like paradise, the adornment of the world, with houris for consorts;
mail like a river, shields like crocodiles, swords of lightning, surging like waves.
What is the might of Sohrab and Zaal before them?
For awe of their majesty Zaal is a feeble old woman.

27

Rukh ek ka mufassir-e-wash-shams waz-zuha — رخ ایک کا مفسر والشمس والضحیٰ

Khaal ek ka mutarjim-e-wan-najm iza hawa — خال ایک کا مترجم والنجم اذا ہوا

Chehra kisi ka zulf mein kal-badr fid-duja — چہرہ کسی کا زلف میں کالبدر فی الدجا

Farq-e-buland ek ka tafseer-e-was-sama — فرق بلند ایک کا تفسیر والسما

Khod auj-e-sar hai khod ka sar se urooj hai — خود اوج سر ہے خود کا سر سے عروج ہے

Har khod-e-sar musharrah-e-zat-ul-burooj hai — ہر خود سر مشرح ذات البروج ہے

One man's face is a commentary on 'By the sun' and 'By the morning light';
another's mole translates 'By the star when it sets';
another's face among his locks is like the full moon in the dark;
another's lofty head is an exegesis of 'By the sky'.
The helmet is the crown of the head, yet the helmet owes its height to the head;
every helmet on a head expounds 'the sky of the constellations'.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

28

Akbar khare hain saghar-e-irfan piye hue
اکبر کھڑے ہیں ساغر عرفاں پیے ہوئے

Do chaar hamsinon ko jilau mein liye hue
دوچار ہمسنوں کو جلو میں لیے ہوئے

Dast-e-qaza mein naqd-e-jawani diye hue
دست قضا میں نقد جوانی دیے ہوئے

Dil mein Khuda se ahd-e-shahadat kiye hue
دل میں خدا سے عہد شہادت کیے ہوئے

Naqsha tha ik Nabi ka is aflak ke tale
نقشہ تھا اک نبیؐ کا اس افلاک کے تلے

Atharahvin baras mein chhupa khaak ke tale
اٹھارہویں برس میں چھپا خاک کے تلے

Akbar stands, having drunk the cup of the knowledge of God,
with a few companions of his own age in his train,
having placed the coin of his youth in the hand of Fate,
having pledged martyrdom to God in his heart.
Beneath these heavens he was the very image of the Prophet (s);
in his eighteenth year he was hidden beneath the dust.

29

Chehra se ta ba naaf hai Payghambar-e-zaman
چہرہ سے تا بہ ناف ہے پیغمبر زمن

Mahboob-e-asr saani-e-mahboob-e-Zulminan
محبوب عصر ثانیٔ محبوب ذوالمنن

Hai naaf ya ke aks fagan ghuncha-e-dahan
ہے ناف یا کہ عکس فگن غنچۂ دہن

Bilkul khata hai kahiye agar nafa-e-Khutan
بالکل خطا ہے کہیے اگر نافۂ ختن

Kab nafa-e-Khutan mein bhala boo-e-naaf hai
کب نافۂ ختن میں بھلا بوئے ناف ہے

Ye naaf rooh parwar-e-Abd-e-Manaf hai
یہ ناف روح پرور عبد مناف ہے

From face to navel he is the Prophet of the age,
the beloved of the age, a second beloved of the Lord of favours.
Is it a navel, or the reflected bud of his mouth?
It is quite wrong to call it a musk-pod of Khotan:
when has a musk-pod of Khotan had the scent of this navel?
This navel is the delight of the spirit of Abd Manaf.

Free to read, copy and share

30

Neele hain lab jo pyaas se to husn hai naya
نیلے ہیں لب جو پیاس سے تو حسن ہے نیا

Ghuncha dahan ka ghuncha-e-neelofari bana
غنچہ دہن کا غنچۂ نیلوفری بنا

Qasim mein khulq-o-hilm hai meeras-e-Mujtaba
قاسم میں خلق و حلم ہے میراث مجتبا

Mazloomiyat Husain ki yaan sar se ta ba pa
مظلومیت حسینؑ کی یاں سر سے تا بہ پا

Ye aftab-e-husn hai wo mah-e-husn hai
یہ آفتاب حسن ہے وہ ماہ حسن ہے

Wo shah-e-husn hai ye shahanshah-e-husn hai
وہ شاہ حسن ہے یہ شہنشاہ حسن ہے

His lips are blue with thirst, which gives a new beauty:
the bud of his mouth has become a lotus bud.
In Qasim, gentleness and forbearance are the inheritance of Mujtaba;
here the wrongs of Husain (a) show from head to foot.
This one is the sun of beauty, that one the moon of beauty;
that one is the king of beauty, this the emperor of beauty.

31

Shaukat nisar-e-shaukat-e-Abbas-e-namwar
شوکت نثار شوکت عباسؑ نامور

Allah ki hai saif to Shabbir ki sipar
اللہ کی ہے سیف تو شبیر کی سپر

Hamza hasham Aqeel shiyam sahib-e-hunar
حمزہ حشم عقیل شیم صاحب ہنر

Tayyar misl-e-Jafar-e-Tayyar jang par
تیار مثل جعفر طیار جنگ پر

Kehte hain go alam mera nakhl-e-murad hai
کہتے ہیں گو علم مرا نخل مراد ہے

Saqqa Sakina ka hoon ye rutba ziyad hai
سقہ سکینہؑ کا ہوں یہ رتبہ زیاد ہے

Majesty itself would give itself for the majesty of the famed Abbas (a):
he is the sword of Allah and the shield of Shabbir,
with the grandeur of Hamza, the nature of Aqeel, a master of every skill,
ready for battle like Jafar the Flier.
He says, 'Though my standard is the tree of my desire,
I am Sakina's (a) water-bearer, and that rank is higher.'

Free to read, copy and share

32

Lehra raha hai sabz pharera ba aab-o-taab
لہرا رہا ہے سبز پھریرہ بآب و تاب

Panje pe is alam ke hai qurban aftab
پنجے پہ اس علم کے ہے قربان آفتاب

Do fatha ek lafz-e-alam par hain intikhab
دو فتحہ ایک لفظ علم پر ہیں انتخاب

Dono jahan mein hai ye alamdar la jawab
دونو جہاں میں ہے یہ علم دار لاجواب

Kyun kar girah kushai mein be misl ye nahin
کیوں کر گرہ کشائی میں بے مثل یہ نہیں

Shakl-e-kaleed chob-e-alam mein girah nahin
شکل کلید چوب علم میں گرہ نہیں

The green pennant waves in all its splendour;
the sun gives itself for the hand that crowns this standard;
two fathas are set upon the one word alam:
in both worlds this standard-bearer has no equal.
Why should he not be peerless at loosening knots,
when, like a key, the staff of his standard has no knot?

33

Mur kar Najaf ko kehta hai wo sher-e-be nazeer
مڑ کر نجف کو کہتا ہے وہ شیر بے نظیر

Amman Husain ke liye bakhsho huqooq-e-sheer
اماں حسینؑ کے لیے بخشو حقوق شیر

Soo-e-Najaf dua hai ke hon aap dastgir
سوئے نجف دعا ہے کہ ہوں آپ دست گیر

Aati hai ye Ali ki nida ae mah-e-muneer
آتی ہے یہ علی کی ندا اے مہ منیر

Katwa ke sar ko ho jiyo fidya Husain ka
کٹوا کے سر کو ہو جیو فدیہ حسینؑ کا

Abbas tujh pe dain hai ye walidain ka
عباسؑ تجھ پہ دین ہے یہ والدین کا

Turning towards Najaf, that peerless lion says,
'Mother, for Husain's (a) sake forgive me what I owe for your milk';
towards Najaf he prays, 'Be my support.'
The voice of Ali comes: 'O shining moon,
give up your head and become the ransom of Husain (a);
Abbas (a), this is the debt you owe your parents.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

34

Hain paas paas Muslim-o-Zainab ke yadgar
ہیں پاس پاس مسلم و زینب کے یادگار

Ik ja ye chaar chaand hain ya aftab chaar
اک جا یہ چار چاند ہیں یا آفتاب چار

Zi qadr-o-zi maratib-o-zi jaah-o-zi waqar
ذیقدر و ذی مراتب و ذی جاہ و ذی وقار

Jaanbaz-o-sar farosh-o-namudar-o-naamdar
جان باز و سر فروش و نمودار و نامدار

Aariz wo phool se ke tasadduq bahar hai
عارض وہ پھول سے کہ تصدق بہار ہے

Wo kamsini ke jis pe jawani nisar hai
وہ کمسنی کہ جس پہ جوانی نثار ہے

Side by side stand the sons left by Muslim and Zainab,
four moons in one place, or four suns,
worthy, high in rank, honoured and dignified,
ready to give their lives and heads, distinguished and renowned;
their cheeks like flowers for which spring would give itself,
so tender in years that youth itself would give itself for them.

35

Mushaf hai un ka roo-e-mubeen ghairat-e-qamar
مصحف ہے ان کا روئے مبیں غیرت قمر

Kuchh kuchh ayan hai sabza-e-khat roo-e-pak par
کچھ کچھ عیاں ہے سبزۂ خط روئے پاک پر

Jis husn se ke soora-e-Ikhlas mukhtasar
جس حسن سے کہ سورۂ اخلاص مختصر

Soora to mukhtasar pe fazeelat ziyada tar
سورہ تو مختصر پہ فضیلت زیادہ تر

Chehron se aashkar Husain-o-Hasan ka rang
چہروں سے آشکار حسینؑ و حسن کا رنگ

Sookhe hue labon pe tasadduq chaman ka rang
سوکھے ہوئے لبوں پہ تصدق چمن کا رنگ

Their radiant faces are a Quran that shames the moon;
on their pure faces the down of a first beard faintly shows,
with the grace with which the Sura of Sincerity is brief:
the sura is short, but its merit is all the greater.
In their faces shows the likeness of Husain (a) and Hasan;
the colour of the garden would give itself for their parched lips.

Free to read, copy and share

36

Dekhi shukoh-e-fauj suno shah ka majra
دیکھی شکوہ فوج سنو شہ کا ماجرا

Aakhir hua wazeefa-e-aakhir jo shah ka
آخر ہوا وظیفۂ آخر جو شاہ کا

Ki haath utha ke bargah-e-Haq mein ye dua
کی ہاتھ اٹھا کے بارگہہ حق میں یہ دعا

Ya Rab Rasool-e-pak ki ummat ka ho bhala
یارب رسول پاک کی امت کا ہو بھلا

Sahl ast gar rawad sar-e-man bar sar-e-sinin
سہل است گر رود سر من بر سر سنین

Zainab agar aseer shavad waaye bar Husain
زینبؑ اگر اسیر شود وائے بر حسینؑ

You have seen the splendour of the army; now hear what befell the King.
When the King's last devotions were ended,
he raised his hands and prayed at the court of God:
'O Lord, may good come to the community of the pure Messenger.
It is easy if my head should go upon the spear-point,
but if Zainab (a) is made captive, woe to Husain (a)!'

37

Zainab ne ro ke sibt-e-payambar se ye kaha
زینب نے رو کے سبط پیمبر سے یہ کہا

Bhaiya hazar jaan se tum par behan fida
بھیا ہزار جان سے تم پر بہن فدا

Saya mein aap ke mera sar hoye be rida
سایہ میں آپ کے مرا سر ہوئے بے ردا

Mera gala bandhe na kate aap ka gala
میرا گلا بندھے نہ کٹے آپ کا گلا

Zindan ho be radai ho aur shor-e-shain ho
زنداں ہو بے ردائی ہو اور شور شین ہو

Zainab ko sab qubool hai lekin Husain ho
زینب کو سب قبول ہے لیکن حسینؑ ہو

Weeping, Zainab said to the grandson of the Prophet,
'Brother, your sister would give a thousand lives for you;
let my head go unveiled, so long as I am in your shade;
let my neck be bound, so long as your throat is not cut;
prison, the loss of my veil, the clamour of disgrace:
Zainab accepts it all, so long as Husain (a) lives.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

38

Bole Husain bas ke hua tukre dil mera
بولے حسینؑ بس کہ ہوا ٹکڑے دل مرا

Main jaanta hoon maan ki tarah mujh pe ho fida
میں جانتا ہوں ماں کی طرح مجھ پہ ہو فدا

Jab sabr de Khuda tumhen aur hashr mein jaza
جب صبر دے خدا تمہیں اور حشر میں جزا

Par meri zindagi mein to ho tum na be rida
پر میری زندگی میں تو ہو تم نہ بے ردا

Kyun kar khilaf-e-marzi-e-Rab-e-Qadeer ho
کیوں کر خلاف مرضیٔ رب قدیر ہو

Shabbir zibah hoye to Zainab aseer ho
شبیر ذبح ہوئے تو زینبؑ اسیر ہو

Husain (a) said, 'Enough: my heart is broken in pieces.
I know you would give yourself for me like a mother;
God will give you patience then, and reward at the Gathering,
but while I live you will not be unveiled.
How could it go against the will of the Almighty Lord?
Let Shabbir be slaughtered first; then let Zainab (a) be made captive.'

39

Baahen gale mein daal ke Zainab ne di nida
باہیں گلے میں ڈال کے زینبؑ نے دی ندا

Lipti hoon Fizza Akbar-o-Abbas ko bula
لپٹی ہوں فضہ اکبرؑ و عباسؑ کو بلا

Aaye jo ghar mein Akbar-o-Abbas ye kaha
آئے جو گھر میں اکبرؑ و عباس یہ کہا

Lo hum se bhai jaan bhi ab ho gaye khafa
لو ہم سے بھائی جان بھی اب ہو گئے خفا

Amman bhi mar gayin mere baba bhi mar gaye
اماں بھی مر گئیں مرے بابا بھی مر گئے

Mar jaaoon gi jo ye bhi mujhe chhor kar gaye
مر جاؤں گی جو یہ بھی مجھے چھوڑ کر گئے

Throwing her arms around his neck, Zainab (a) called out,
'I am holding him fast; Fizza, call Akbar (a) and Abbas (a).'
When Akbar (a) and Abbas came in, she said,
'See, now even my dear brother has turned against me.
My mother died, my father died too;
I shall die if he too goes and leaves me.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

40

Main to abhi hoon chaar buzurgon ki sogwar
میں تو ابھی ہوں چار بزرگوں کی سوگوار

Nasoor dil mein chaar hain seene mein daagh chaar
ناسور دل میں چار ہیں سینے میں داغ چار

Ab daagh paanchwan kiya qismat ne ru ba kaar
اب داغ پانچواں کیا قسمت نے رو بہ کار

Kyun maan ke saath mar na gayi main jigar figar
کیوں ماں کے ساتھ مر نہ گئی میں جگر فگار

Jis ko ke aasra ho faqat ek bhai ka
جس کو کہ آسرا ہو فقط ایک بھائی کا

Haal us behan se poochhiye Zahra ki jaai ka
حال اس بہن سے پوچھیے زہراؑ کی جائی کا

I am still in mourning for four of my elders:
four wounds fester in my heart, four scars are on my breast;
now fate has brought on a fifth scar.
Why did I not die with my mother, wounded to the heart as I am?
Ask the sister whose only refuge is one brother,
ask her, the daughter of Zahra (a), how she fares.'

41

Is zikr se qayamat-e-kubra hui ayan
اس ذکر سے قیامت کبرا ہوئی عیاں

Bhai behan ke ashk the rukhsar par rawan
بھائی بہن کے اشک تھے رخسار پر رواں

Sar khole gird bibiyan karti thin ye bayan
سر کھولے گرد بیبیاں کرتی تھیں یہ بیاں

Lutte hain par hila nahin sakta koi zaban
لٹتے ہیں پر ہلا نہیں سکتا کوئی زباں

Shah kehte hain ke aaj ka din imtihan ka hai
شہ کہتے ہیں کہ آج کا دن امتحاں کا ہے

Jaana wahan zaroor hai wada jahan ka hai
جانا وہاں ضرور ہے وعدہ جہاں کا ہے

At these words the Great Doom itself appeared;
the tears of brother and sister ran down their cheeks;
the ladies around them, bareheaded, were saying,
'We are being ruined, yet no one may say a word.'
The King says, 'Today is the day of trial;
I must go to the place I have promised.'

Free to read, copy and share

42

Farma ke hukm sabr ka sab ko ba sad shitab
فرما کے حکم صبر کا سب کو بصد شتاب

Ismat sara se phir to baraamad hue janab
عصمت سرا سے پھر تو برامد ہوئے جناب

Abbas laaye markab-e-Ibn-e-Abu Turab
عباسؑ لائے مرکب ابن ابوتراب

Choome inan ne haath giri paaon par rakab
چومے عناں نے ہاتھ گری پاؤں پر رکاب

Yun zeb-e-zeen wo sarwar-e-dunya-o-deen hua
یوں زیب زیں وہ سرور دنیا و دیں ہوا

Quran-e-pak rahl pe jalwa guzeen hua
قرآن پاک رحل پہ جلوہ گزیں ہوا

Commanding them all to be patient, in great haste
the noble one came out from the sanctuary of the women;
Abbas (a) brought the mount of the son of Abu Turab;
the reins kissed his hands, the stirrup fell at his feet.
So the master of this world and the faith graced the saddle,
as the holy Quran is set upon its stand.

43

Rakhsh-e-Husain qudrat-e-Haq sun-e-Kibriya
رخش حسینؑ قدرت حق صنع کبریا

Duldul khiram barq lagam-o-Buraq pa
دل دل خرام برق لجام و براق پا

Khursheed zeen badr jabeen-o-qamar ziya
خورشید زین بدر جبین و قمر ضیا

Gul ko na is badan ki nazakat kahoon main kya
گل کو نہ اس بدن کی نزاکت کہوں میں کیا

Gar bosa zan naseem dam-e-sair-e-bagh ho
گر بوسہ زن نسیم دم سیر باغ ہو

Fauran namood jild se lala ka daagh ho
فورا نمود جلد سے لالہ کا داغ ہو

The steed of Husain (a): the power of God, the handiwork of the Almighty,
with the gait of Duldul, a bridle of lightning, the feet of Buraq,
a sun for a saddle, a full moon for a brow, as radiant as the moon;
what shall I say of the delicacy of its body, if not that of the rose?
If the breeze should kiss it as it rides through a garden,
at once the tulip's dark spot would show on its skin.

Free to read, copy and share

44

Wo Rafraf-o-Buraq pe karta tha iftikhar
وہ رفرف و براق پہ کرتا تھا افتخار

Yaani sawar-e-dosh-e-Nabi hai mera sawar
یعنی سوار دوش نبیؐ ہے مرا سوار

Mikail-o-Jibreel inan bos baar baar
میکائیل و جبرئیل عناں بوس بار بار

Surat ye thi ke baag hili aur falak ke paar
سرعت یہ تھی کہ باگ ہلی اور فلک کے پار

Har gah badr-e-sum ki ziya aasmaan pe thi
ہر گاہ بدر سم کی ضیا آسماں پہ تھی

Barq-e-lagam wo ke chamak kahkashan pe thi
برق لجام وہ کہ چمک کہکشاں پہ تھی

It boasted over Rafraf and Buraq:
'My rider is the one who rode on the Prophet's (s) shoulders.'
Michael and Gabriel kissed its reins again and again;
such was its speed that the rein had only to stir and it was beyond the sky.
Always the light of its moonlike hooves was on the heavens;
its bridle was such lightning that its gleam lay on the Milky Way.

45

Hazir huzoor-e-shah mein hua lashkar-e-Khuda
حاضر حضور شہ میں ہوا لشکر خدا

Hazrat ne sab ko hukm saf aarai ka diya
حضرت نے سب کو حکم صف آرائی کا دیا

Rooh-ul-Ameen ne barh ke kiya saaf rasta
روح الامیں نے بڑھ کے کیا صاف راستا

Phaili jo shah ke chehra-e-pur noor ki ziya
پھیلی جو شہ کے چہرۂ پر نور کی ضیا

Aalam tha husn-e-rukh mein ajab aab-o-taab ka
عالم تھا حسن رخ میں عجب آب و تاب کا

Chauthe falak pe phir gaya munh aftab ka
چوتھے فلک پہ پھر گیا منہ آفتاب کا

The army of God presented itself before the King;
the Hazrat ordered them all to draw up in ranks;
the Trusted Spirit went ahead and cleared the way.
When the light of the King's radiant face spread,
the beauty of his face had a wondrous brilliance:
on the fourth heaven the sun turned its face away.

Free to read, copy and share

46

Fauj-e-adad se jang ka paigham laaye teer
فوج عدد سے جنگ کا پیغام لائے تیر

Ahl-e-sitam ne ahl-e-wafa par chalaye teer
اہل ستم نے اہل وفا پر چلائے تیر

Do din ki bhook pyaas mein pyaason ne khaaye teer
دو دن کی بھوک پیاس میں پیاسوں نے کھائے تیر

Bole Husain idhar se na koi lagaye teer
بولے حسینؑ ادھر سے نہ کوئی لگائے تیر

Poochha sabab jo shah ne kaha kuchh khabar bhi hai
پوچھا سبب جو شہ نے کہا کچھ خبر بھی ہے

Ik aashiq-e-Husain hamara udhar bhi hai
اک عاشق حسینؑ ہمارا ادھر بھی ہے

Arrows brought the message of war from the enemy's army;
the cruel shot arrows at the loyal;
hungry and thirsty for two days, the thirsty took the arrows.
Husain (a) said, 'Let no one shoot an arrow from this side.'
When they asked why, the King said, 'Do you not know?
There is one of ours over there too, a lover of Husain (a).'

47

Yaan sabr tha urooj pe zoron pe waan sitam
یاں صبر تھا عروج پہ زوروں پہ واں ستم

Ki Ibn-e-Saad-e-nahs ne tegh-e-zaban alam
کی ابن سعد نحس نے تیغ زباں علم

Bola kahan hai Hur-e-jari sahib-e-hasham
بولا کہاں ہے حُرّ جری صاحب حشم

Laaya hai gher kar wahi shah ko ma haram
لایا ہے گھیر کر وہی شہ کو مع حرم

Ab tegh ho Yazid ki aur Hur ka haath ho
اب تیغ ہو یزید کی اور حر کا ہاتھ ہو

Aur zer-e-tegh halq-e-shah-e-khush sifat ho
اور زیر تیغ حلق شہ خوش صفات ہو

Here patience was at its height, there cruelty was in full force;
the ill-starred Ibn Saad drew the sword of his tongue
and said, 'Where is brave Hurr, the man of rank?
It was he who hemmed in the King with his women and brought him here;
now let it be Yazid's sword in Hurr's hand,
and the throat of the virtuous King beneath the sword.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

48

Hur subh se alahida gosha mein tha khara
حر صبح سے علاحدہ گوشہ میں تھا کھڑا

Angusht-e-haif lab ke tale aur ye thi haya
انگشت حیف لب کے تلے اور یہ تھی حیا

Allah tauba aah bari main ne ki khata
اللہ توبہ آہ بڑی میں نے کی خطا

Sayyid ko gher kar yahan laaya ghazab kiya
سید کو گھیر کر یہاں لایا غضب کیا

Nargha hai zalimon ka shah-e-khush khisal par
نرغہ ہے ظالموں کا شہ خوش خصال پر

Paani hai band saqi-e-Kausar ke laal par
پانی ہے بند ساقیٔ کوثر کے لال پر

Since dawn Hurr had been standing apart in a corner,
biting his finger in regret, and this was his shame:
'Allah, I repent! Alas, I have done a great wrong;
I hemmed in the Sayyid and brought him here: what an outrage!
The tyrants have closed in on the virtuous King;
water is barred to the son of the Cupbearer of Kausar.'

49

Hur se kaha biradar-o-farzand ne ye kya
حر سے کہا برادر و فرزند نے یہ کیا

Ae Rustam-e-zamana hazaron se tu lara
اے رستم زمانہ ہزاروں سے تو لڑا

Sattar do tan se tere larazte hain dast-o-pa
ستر دو تن سے تیرے لرزتے ہیں دست و پا

Hur ne kaha main khauf se kaanpoon na kyun bhala
حر نے کہا میں خوف سے کانپوں نہ کیوں بھلا

Yaan to muqabala pisar-e-Mustafa ka hai
یاں تو مقابلہ پسر مصطفی کا ہے

Aur baad is ke saamna ik din Khuda ka hai
اور بعد اس کے سامنا اک دن خدا کا ہے

His brother and his son said to Hurr, 'What is this?
O Rustam of the age, you have fought thousands,
yet your hands and feet tremble before seventy-two men.'
Hurr said, 'Why should I not tremble with fear?
Here the fight is against the son of Mustafa,
and after it, one day, we must face God.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

50

Dil mein mere thani hui hai raat se ye baat
دل میں مرے ٹھنی ہوئی ہے رات سے یہ بات

Hatman yahi hai qasd jo fazl-e-Khuda hai saat
حتما یہی ہے قصد جو فضل خدا ہے سات

Ja kar miloon Imam se khud baandh kar main baat
جا کر ملوں امام سے خود باندھ کر میں بات

Shayad isi waseela se hoye meri najat
شاید اسی وسیلہ سے ہوئے مری نجات

Ji mein ye hai ke sabir-o-shakir ka saath doon
جی میں یہ ہے کہ صابر و شاکر کا ساتھ دوں

Hoon munharif Khuda se jo kafir ka saath doon
ہوں منحرف خدا سے جو کافر کا ساتھ دوں

Since last night this has been settled in my heart;
this is my firm intent, if the grace of God is with me:
to make up my mind and go myself to join the Imam;
perhaps by that means I may be saved.
I mean to stand by the patient and the grateful;
I would be turning from God if I sided with the unbeliever.'

51

Ab apni tum kaho ke tumhara hai qasd kya
اب اپنی تم کہو کہ تمہارا ہے قصد کیا

Donon ne ki ye arz ke jo aap ki raza
دونوں نے کی یہ عرض کہ جو آپ کی رضا

Hazir ghulam-e-Hur bhi hua aur ye kaha
حاضر غلام حر بھی ہوا اور یہ کہا

Ye khana zad bhi hai fida-e-shah-e-huda
یہ خانہ زاد بھی ہے فدائے شہ ہدا

Ishq-e-dili hai mujh ko shah-e-khush sifat se
عشق دلی ہے مجھ کو شہ خوش صفات سے

Mujh ko na chhoriye ga kahin apne saat se
مجھ کو نہ چھوڑیے گا کہیں اپنے سات سے

'Now tell me of yourselves: what do you intend?'
Both replied, 'Whatever you wish.'
Hurr's slave too came forward and said,
'This servant born in your house is also devoted to the King of guidance;
I love the virtuous King with all my heart;
do not leave me behind anywhere.'

Free to read, copy and share

52

Hur ne diya ye hukm samandon ko saj ke lao
حر نے دیا یہ حکم سمندوں کو سج کے لاؤ

Jaldi ka hai ye waqt ba surat qadam barhao
جلدی کا ہے یہ وقت بسرعت قدم بڑھاؤ

Kasrat se fauj-e-Shaam ki hargiz na khauf khao
کثرت سے فوج شام کی ہرگز نہ خوف کھاؤ

Naam-e-Husain le ke inan-e-faras uthao
نام حسینؑ لے کے عنان فرس اٹھاؤ

Niklo azab-e-naar se dakhil jinan mein ho
نکلو عذاب نار سے داخل جناں میں ہو

Hazir janab-e-sarwar-e-kaun-o-makan mein ho
حاضر جناب سرور کون و مکاں میں ہو

Hurr gave the order: 'Saddle the horses and bring them;
this is a time for haste: step out quickly;
have no fear at all of the numbers of the army of Syria;
take up your reins in the name of Husain (a);
come out from the torment of the Fire and enter the gardens of paradise;
present yourselves before the master of all creation.'

53

Hur aur pisar biradar-o-abd-e-neko shiar
حر اور پسر برادر و عبد نکو شعار

Ghoron pe apne apne dilawar hue sawar
گھوڑوں پہ اپنے اپنے دلاور ہوئے سوار

Aaye daler pesh-e-Bin Saad-e-nabakar
آئے دلیر پیش بن سعد نابکار

Farmaya Hur ne o sitam atwar hushyar
فرمایا حر نے او ستم اطوار ہوشیار

Ab lamha bhar bhi yaan mujhe rehna haraam hai
اب لمحہ بھر بھی یاں مجھے رہنا حرام ہے

Kyun kufr se juda na hoon Hur mera naam hai
کیوں کفر سے جدا نہ ہوں حر میرا نام ہے

Hurr, his son, his brother and his good slave,
brave men, mounted each his own horse;
the bold men came before the worthless Ibn Saad.
Hurr said, 'You man of cruel ways, take heed:
now it is forbidden for me to stay here even a moment;
why should I not part from unbelief? My name is Hurr.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

54

Is haal-e-jaan guza ki na thi kuchh khabar mujhe
اس حال جانگزا کی نہ تھی کچھ خبر مجھے

Main kya kahoon hui hai ye kyun kar sahar mujhe
میں کیا کہوں ہوئی ہے یہ کیوں کر سحر مجھے

Teri tarah nahin hawas-e-maal-o-zar mujhe
تیری طرح نہیں ہوس مال و زر مجھے

Baar-e-giran hai dosh pe apne ye sar mujhe
بار گراں ہے دوش پہ اپنے یہ سر مجھے

Dunya ke jaal mein kahin deendar aate hain
دنیا کے جال میں کہیں دیں دار آتے ہیں

Dekh is tarah se Haq ke talabgar jaate hain
دیکھ اس طرح سے حق کے طلبگار جاتے ہیں

I knew nothing of this heart-rending state;
how can I say how I have lived to see this dawn?
Unlike you, I have no greed for wealth and gold;
this head is a heavy burden on my shoulders.
Do the faithful ever fall into the net of the world?
Look: this is how the seekers of God go.

55

Tha shaam se ye qasd kahin jald ho sahar
تھا شام سے یہ قصد کہیں جلد ہو سحر

Hoon dakhil-e-sipah-e-shahanshah-e-bahr-o-bar
ہوں داخل سپاہ شہنشاہ بحر و بر

Kehne ko ye na ho ke ye ghalib tha dil pe dar
کہنے کو یہ نہ ہو کہ یہ غالب تھا دل پہ ڈر

Chhup kar hijab-e-shab mein gaya Hur ba sad khatar
چھپ کر حجاب شب میں گیا حر بصد خطر

Ab jis mein dam ho barh ke ghazanfar ko tok le
اب جس میں دم ہو بڑھ کے غضنفر کو ٹوک لے

Tu hukm saari fauj ko de mujh ko rok le
تو حکم ساری فوج کو دے مجھ کو روک لے

Since evening I have meant, as soon as dawn came,
to join the army of the emperor of sea and land,
so that no one could say that fear had mastered my heart
and Hurr slipped away in dread under cover of night.
Now let anyone with courage step up and challenge the lion;
give the order to your whole army: let it stop me!'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

56

Bola ye Ibn-e-Saad ke ae aazmooda kaar
بولا یہ ابن سعد کہ اے آزمودہ کار

Chehra se hai namood tere khauf-o-iztirar
چہرہ سے ہے نمود ترے خوف و اضطرار

Baaten bana raha hai bigar kar ba intishar
باتیں بنا رہا ہے بگڑ کر بہ انتشار

Hone ko ab hai jang risala se hushyar
ہونے کو اب ہے جنگ رسالہ سے ہوشیار

Hai khoon khushk barq-e-dam-e-Zulfiqar se
ہے خون خشک برق دم ذوالفقار سے

Tu dar gaya Husainon ki karzar se
تو ڈر گیا حسینوں کی کارزار سے

Ibn Saad said, 'You, a seasoned man of war,
your fear and alarm show on your face;
you talk wildly in your confusion.
The battle is about to begin: stay alert with your troop.
Your blood has dried at the lightning of Zulfiqar's edge;
you are afraid of battle with Husain's men.

57

Ye jaan le ke naukari par aaye ga zawal
یہ جان لے کہ نوکری پر آئے گا زوال

Ye yaad rakh na chhoot ke hoga kabhi bahal
یہ یاد رکھ نہ چھوٹ کے ہوگا کبھی بحال

Hon ge aseer zulm-o-sitam se tere iyal
ہوں گے اسیر ظلم و ستم سے ترے عیال

Afsos kuchh nahin tujhe namoos ka khayal
افسوس کچھ نہیں تجھے ناموس کا خیال

Zillat ka saamna ho to afsar ki maut hai
ذلت کا سامنا ہو تو افسر کی موت ہے

Munh morna wagha se dilawar ki maut hai
منہ موڑنا وغا سے دلاور کی موت ہے

Know this: you will lose your post;
remember, once dismissed you will never be restored;
your family will be made captive by oppression and cruelty;
alas, you have no thought at all for your honour.
For an officer, to face disgrace is death;
for a brave man, to turn from battle is death.

Free to read, copy and share

58

Kya khoob wah rishta-e-nau jorta hai tu
Barson ka silsila jo hai wo torta hai tu
Bere ka apne saath abas chhorta hai tu
Hakim se aise waqt mein munh morta hai tu
Kyun kar sunoon main aaj tere is kalam ko
Kal ki hai baat gher ke laaya Imam ko

کیا خوب واہ رشتۂ نو جوڑتا ہے تو
برسوں کا سلسلہ جو ہے وہ توڑتا ہے تو
بیڑے کا اپنے ساتھ عبث چھوڑتا ہے تو
حاکم سے ایسے وقت میں منہ موڑتا ہے تو
کیوں کر سنوں میں آج ترے اس کلام کو
کل کی ہے بات گھیر کے لایا امام کو

How fine! You are making a new tie
and breaking the bond of years;
for nothing you desert your own company;
you turn away from the ruler at such a time.
How can I listen today to these words of yours?
Only yesterday you hemmed in the Imam and brought him here.

59

Kyun haath shah ki baag pe daala tha ya nahin
Jo hausla tha dil ka nikala tha ya nahin
Ghussa Ali ke sher ne taala tha ya nahin
Tu tegh-e-Haidari ka niwala tha ya nahin
Rehta agar wo taur isi dam tha khatima
Barhta gaya kuchh aur isi dam tha khatima

کیوں ہاتھ شہ کی باگ پہ ڈالا تھا یا نہیں
جو حوصلہ تھا دل کا نکالا تھا یا نہیں
غصہ علیؑ کے شیر نے ٹالا تھا یا نہیں
تو تیغ حیدری کا نوالا تھا یا نہیں
رہتا اگر وہ طور اسی دم تھا خاتمہ
بڑھتا گیا کچھ اور اسی دم تھا خاتمہ

Well, did you lay hands on the King's reins or not?
Did you have your heart's desire or not?
Did the lion of Ali (a) hold back his anger or not?
Were you not a mouthful for the sword of Haidar?
Had that mood held, it would have been your end that moment;
had it grown a little more, it would have been your end that moment.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

60

Hur ne kaha isi ki nidamat ye hai mujhe
حر نے کہا اسی کی ندامت یہ ہے مجھے

Mujh se ye kya khata hui hairat ye hai mujhe
مجھ سے یہ کیا خطا ہوئی حیرت یہ ہے مجھے

Hoon un se munharif kahin taqat ye hai mujhe
ہوں ان سے منحرف کہیں طاقت یہ ہے مجھے

Sadqe hoon shah ke qadmon pe hasrat ye hai mujhe
صدقے ہوں شہ کے قدموں پہ حسرت یہ ہے مجھے

Sar kaat len to jurm ki mere saza ye hai
سر کاٹ لیں تو جرم کی میرے سزا یہ ہے

Aur bakhsh den khata to sarasar ata ye hai
اور بخش دیں خطا تو سراسر عطا یہ ہے

Hurr said, 'It is for this very thing that I feel remorse;
I am bewildered at the wrong I have done;
could I ever have the strength to turn against him?
My longing is to give myself at the King's feet.
If he cuts off my head, that is the punishment for my crime;
and if he forgives my wrong, that is pure grace.'

61

Be had hai mere dil pe hujoom-e-gham-o-malal
بے حد ہے میرے دل پہ ہجوم غم وملال

Ta umr ye rahe gi nidamat mujhe kamal
تا عمر یہ رہے گی ندامت مجھے کمال

Lashkar samet pyaas se tha ghair mera haal
لشکر سمیت پیاس سے تھا غیر میرا حال

Mahfooz shor-o-shar se rahe Murtaza ka laal
محفوظ شور و شر سے رہے مرتضا کا لال

Rakha na apne waaste paani pila diya
رکھا نہ اپنے واسطے پانی پلادیا

Marte huon ko abr-e-karam ne jila diya
مرتے ہوؤں کو ابر کرم نے جلادیا

Boundless is the throng of grief and sorrow on my heart;
all my life I shall feel this deep remorse.
I and my troops were in a sorry state from thirst;
may the son of Murtaza be kept safe from all harm!
He kept nothing for himself and gave us water to drink;
the cloud of his generosity brought the dying back to life.

Free to read, copy and share

62

Ehsan ye un ka dil se bhulaoon na hoye ga
احساں یہ ان کا دل سے بھلاؤں نہ ہوئے گا

Munh qibla-e-umam se phiraoon na hoye ga
منہ قبلۂ امم سے پھراؤں نہ ہوئے گا

Dozakh mein apne paaon se jaaoon na hoye ga
دوزخ میں اپنے پاؤں سے جاؤں نہ ہوئے گا

But ke liye main Kaaba ko dhaaoon na hoye ga
بت کے لیے میں کعبہ کو ڈھاؤں نہ ہوئے گا

Sibt-e-Nabi ke dil ko dukhaya na jaaye ga
سبط نبیؐ کے دل کو دکھایا نہ جائے گا

Mujh se to dast-e-zulm uthaya na jaaye ga
مجھ سے تو دست ظلم اٹھایا نہ جائے گا

I cannot put this kindness of his out of my heart;
I cannot turn my face from the qibla of the nations;
I cannot walk into Hell on my own feet;
I cannot pull down the Kaaba for an idol.
I cannot grieve the heart of the Prophet's (s) grandson;
I cannot raise the hand of oppression.

63

Teri tarah nahin hai mujhe hirz-e-mulk-o-maal
تیری طرح نہیں ہے مجھے حرص ملک و مال

Laanat hai aise maal pe jab ho bura maal
لعنت ہے ایسے مال پہ جب ہو برا مآل

Bas kar chuka itaat-e-be deen-o-bad khisal
بس کر چکا اطاعت بے دین و بد خصال

Tuf aisi naukari pe jo iman ka ho zawal
تف ایسی نوکری پہ جو ایماں کا ہو زوال

Bhaata nahin ye ohda-o-mansab nigah ko
بھاتا نہیں یہ عہدۂ و منصب نگاہ کو

Pamaal kar raha hoon is aizaz-o-jaah ko
پامال کر رہا ہوں اس اعزاز و جاہ کو

Unlike you, I have no greed for land and wealth;
a curse on such wealth when its end is evil!
I have done with obeying the faithless and wicked;
shame on service that brings the ruin of faith!
This office and rank do not please my eye;
I am trampling on this honour and dignity.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

64

Hur ke sukhan ko kaat ke bola wo pur fitan
حر کے سخن کو کاٹ کے بولا وہ پر فتن

Ae saf shikan ye saf shikanon ka nahin chalan
اے صف شکن یہ صف شکنوں کا نہیں چلن

Beta bhi tere saath hai ae maurid-e-mihan
بیٹا بھی ترے ساتھ ہے اے مورد محن

Is chaand ko lagata hai khud haath se gehan
اس چاند کو لگاتا ہے خود ہاتھ سے گہن

Tera khayal kis taraf ae ba tameez hai
ترا خیال کس طرف اے باتمیز ہے

Aulad se siwa koi dunya mein cheez hai
اولاد سے سوا کوئی دنیا میں چیز ہے

Cutting Hurr short, that mischief-maker said,
'You breaker of ranks, this is not the way of rank-breakers;
your son too is with you, you who court affliction:
with your own hand you are bringing this moon into eclipse.
Where are your wits, you man of sense?
Is anything in the world dearer than one's children?'

65

Hur ne kaha ke is ka nahin kuchh mujhe khatar
حر نے کہا کہ اس کا نہیں کچھ مجھے خطر

Sau jaan se hoon fida-e-shahanshah-e-bahr-o-bar
سو جاں سے ہوں فدائے شہنشاہ بحر و بر

Hamrah is liye liye jaata hoon ye pisar
ہمراہ اس لیے لیے جاتا ہوں یہ پسر

Sadqe karoon ga is ko shabeeh-e-Rasool par
صدقے کروں گا اس کو شبیہ رسولؐ پر

Le kar raza Imam se larne ko aaoon ga
لے کر رضا امام سے لڑنے کو آؤں گا

Main sab se pehle gulshan-e-jannat mein jaaoon ga
میں سب سے پہلے گلشن جنت میں جاؤں گا

Hurr said, 'I have no fear for that;
with a hundred lives I am devoted to the emperor of sea and land.
This is why I take this son with me:
I will offer him up for the likeness of the Prophet (s).
I will take leave of the Imam and come to fight;
I will be the first of all to enter the garden of paradise.'

Free to read, copy and share

66

Ye keh ke Hur ne baag ko mora ba izz-o-shaan
Nikla chamak ke fauj se rahwar-e-khush inan
Hamrah the biradar-o-farzand-e-naujawan
Saya ki tarah abd pas-e-pusht tha rawan
Le kar Ali ka naam is amboh-e-aam se
Wo pairau-e-Husain chale fauj-e-Shaam se

یہ کہہ کے حر نے باگ کو موڑا بہ عز و شاں
نکلا چمک کے فوج سے رہوار خوش عناں
ہمراہ تھے برادر و فرزند نوجواں
سایہ کی طرح عبد پس پشت تھا رواں
لے کر علیؑ کا نام اس انبوہ عام سے
وہ پیرو حسینؑ چلے فوج شام سے

So saying, Hurr proudly turned his reins;
his well-reined steed flashed out of the army;
with him were his brother and his young son;
his slave followed behind him like a shadow.
Calling the name of Ali (a), out of that great throng
those followers of Husain (a) left the army of Syria.

67

Nikla sipah-e-Shaam se yun Hur-e-namwar
Jaise gehan se mehr-e-mubeen abr se qamar
Madh-o-sana zaban se aur aankh se nazar
Yusuf kunwen se parda-e-shab se rukh-e-sahar
Ghul tha ke rood-e-Neel se Musa nikal gaye
Zulmat ka Khizr pair ke darya nikal gaye

نکلا سپاہ شام سے یوں حر نامور
جیسے گہن سے مہر مبیں ابر سے قمر
مدح و ثنا زبان سے اور آنکھ سے نظر
یوسف کنویں سے پردۂ شب سے رخ سحر
غل تھا کہ رود نیل سے موسیٰ نکل گئے
ظلمت کا خضر پیر کے دریا نکل گئے

Famous Hurr came out of the army of Syria
as the bright sun from eclipse, the moon from a cloud,
praise from the tongue, sight from the eye,
Joseph from the well, the face of dawn from the veil of night.
The cry went up that Moses had come out of the Nile,
that Khizr had crossed the river of darkness.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

68

Pahuncha qareeb-e-fauj-e-Khuda jab wo ba wafa
پہنچا قریب فوج خدا جب وہ باوفا

Hur-e-jari ne sibt-e-payambar ko di sada
حر جری نے سبط پیمبر کو دی صدا

Ae sher-e-Kibriya ke pisar tujh pe main fida
اے شیر کبریا کے پسر تجھ پہ میں فدا

Waqt-e-madad hai ae jigar-o-jaan-e-Murtaza
وقت مدد ہے اے جگر و جان مرتضٰی

Mahjoob hai kamal bahut sharmsar hai
محجوب ہے کمال بہت شرمسار ہے

Maula ghulam afv ka ummeedwar hai
مولا غلام عفو کا امیدوار ہے

When that loyal man came near the army of God,
brave Hurr called out to the grandson of the Prophet:
'Son of the Lion of the Almighty, my life for you;
it is time for help, O heart and soul of Murtaza;
your slave is deeply abashed and much ashamed;
master, your slave hopes for forgiveness.'

69

Hazir hua jo khidmat-e-shah mein wo zi waqar
حاضر ہوا جو خدمت شہ میں وہ ذی وقار

Bas daur kar liye qadam-e-shah-e-naamdar
بس دوڑ کر لیے قدم شاہ نامدار

Sar rakh ke shah ke paaon pe ki arz baar baar
سر رکھ کے شہ کے پاؤں پہ کی عرض بار بار

Ummeedwar-e-rahm-o-karam hai ye khaaksar
امیدوار رحم و کرم ہے یہ خاکسار

Main qabil-e-saza hoon saza mujh ko dijiye
میں قابل سزا ہوں سزا مجھ کو دیجئے

Ye baat qata kijiye sar kaat lijiye
یہ بات قطع کیجئے سر کاٹ لیجئے

When that dignified man came into the King's presence,
he ran and clasped the feet of the renowned King;
laying his head on the King's feet, he pleaded again and again:
'This humble man hopes for mercy and kindness;
I deserve punishment: punish me;
end the matter: cut off my head.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

70

Seene se sar laga ke ye bole shah-e-umam
سینے سے سر لگا کے یہ بولے شہ امم

Allah jaanta hai ke raazi hain tujh se hum
اللہ جانتا ہے کہ راضی ہیں تجھ سے ہم

Kaisa gunah kaisi khata ae neko shiyam
کیسا گناہ کیسی خطا اے نکو شیم

Tera to naam fard-e-shahadat mein hai raqam
تیرا تو نام فرد شہادت میں ہے رقم

Yaan aa ke maurid-e-sitam-o-ranj-o-aah hoon
یاں آ کے مورد ستم و رنج و آہ ہوں

Tu uzr khwah kya hai main hi uzr khwah hoon
تو عذر خواہ کیا ہے میں ہی عذر خواہ ہوں

Pressing his head to his breast, the King of the nations said,
'Allah knows that I am pleased with you;
what sin, what wrong, O man of good nature?
Your name is written in the roll of martyrdom.
Here I have met with cruelty, sorrow and grief;
why do you beg pardon? It is I who must beg pardon.'

71

Mehman hai tu Husain ka ae Hur-e-ba wafa
مہماں ہے تو حسینؑ کا اے حر باوفا

Hairan hoon ke teri ziyafat karoon main kya
حیران ہوں کہ تیری ضیافت کروں میں کیا

Ye din hai teesra ke na paani hai ne ghiza
یہ دن ہے تیسرا کہ نہ پانی ہے نے غذا

Marte hain maare pyaas ke atfal-e-mah liqa
مرتے ہیں مارے پیاس کے اطفال مہ لقا

Paani mila na doodh mila be zaban ko
پانی ملا نہ دودھ ملا بے زبان کو

Aate hain ghash pe ghash chhe mahina ki jaan ko
آتے ہیں غش پہ غش چھ مہینہ کی جان کو

'You are the guest of Husain (a), loyal Hurr;
I am at a loss how to entertain you:
this is the third day without water or food;
my moon-faced children are dying of thirst;
the little one who cannot speak has had neither water nor milk;
the six-month-old soul faints again and again.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

72

Hur ne kaha khata bhi meri bakhshi ya Imam
حر نے کہا خطا بھی مری بخشی یا امام

Shah bole afv ho gaye tere gunah tamam
شہ بولے عفو ہو گئے تیرے گنہ تمام

Bhai ko aur pisar ko dikha kar wo nek naam
بھائی کو اور پسر کو دکھا کر وہ نیک نام

Bola ke aur to kisi qabil nahin ghulam
بولا کہ اور تو کسی قابل نہیں غلام

Fidwi ka sar to sibt-e-payambar ki nazr hai
فدوی کا سر تو سبط پیمبرؐ کی نذر ہے

Abbas ki ye nazr ye Akbar ki nazr hai
عباسؑ کی یہ نذر یہ اکبرؑ کی نذر ہے

Hurr said, 'Have you forgiven my wrong as well, O Imam?'
The King said, 'All your sins are forgiven.'
Pointing to his brother and his son, that man of good name
said, 'Your slave is fit for nothing more:
your servant's head is an offering to the grandson of the Prophet (s);
this one is an offering to Abbas (a), this one to Akbar (a).'

73

Shah se raza talab hua phir Hur-e-ba wafa
شہ سے رضا طلب ہوا پھر حر باوفا

Farmaya shah-e-deen ne ke jaldi abhi hai kya
فرمایا شاہ دیں نے کہ جلدی ابھی ہے کیا

Ki Hur ne arz ae jigar-o-jaan-e-Murtaza
کی حر نے عرض اے جگر و جان مرتضا

Dawat ke badle kijiye jannat mujhe ata
دعوت کے بدلے کیجئے جنت مجھے عطا

Lillah rokiye na ab is talkh kaam ko
للہ روکیئے نہ اب اس تلخ کام کو

Akbar ka sadqa dijiye rukhsat ghulam ko
اکبرؑ کا صدقہ دیجئے رخصت غلام کو

Then loyal Hurr asked the King's leave;
the King of the faith said, 'Why the hurry yet?'
Hurr pleaded, 'O heart and soul of Murtaza,
instead of a feast, grant me paradise;
for God's sake, do not hold back this suffering man now;
for Akbar's (a) sake, give your slave leave to go.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

74

Le kar raza Imam se ba sad shukoh-o-shaan
لے کر رضا امام سے باصد شکوہ و شاں

Pyaasa chala jihad ko pyaason ka mehman
پیاسا چلا جہاد کو پیاسوں کا میہماں

Deorhi se Fizza boli ke Haidar nigebahan
ڈیوڑھی سے فضہ بولی کہ حیدر نگیبہاں

Ae Hur duaen deti hain Zahra ki betiyan
اے حر دعائیں دیتی ہیں زہراؑ کی بیٹیاں

Khush khush charha daler samand-e-daler par
خوش خوش چڑھا دلیر سمند دلیر پر

Goya sawar sher hua pusht-e-sher par
گویا سوار شیر ہوا پشت شیر پر

Taking leave of the Imam, in all his splendour,
the thirsty guest of the thirsty went out to fight in God's way.
From the doorway Fizza said, 'May Haidar be your guardian;
Hurr, the daughters of Zahra (a) give you their blessings.'
Joyfully the brave man mounted his brave steed,
as if a lion had mounted a lion's back.

75

Ab hai yahan ishara-e-taeed-e-Kibriya
اب ہے یہاں اشارۂ تائید کبریا

Shakl-e-haraawal-e-shah-e-deen khench kar dikha
شکل ہراول شہ دیں کھینچ کر دکھا

Qurban is ishara ke is lutf par fida
قربان اس اشارہ کے اس لطف پر فدا

Ab tak kisi ne Hur ka sarapa nahin likha
اب تک کسی نے حر کا سراپا نہیں لکھا

Ganjeena faiz se hai Khuda ka bhara hua
گنجینہ فیض سے ہے خدا کا بھرا ہوا

Mazmoon mere hissa ka ye tha bacha hua
مضمون میرے حصہ کا یہ تھا بچا ہوا

Now here comes a sign of the Almighty's favour:
'Draw and show the form of the vanguard of the King of the faith.'
My life for that sign, my life for that kindness!
No one has yet written a portrait of Hurr from head to foot.
God's treasury is full of bounty;
this theme was left over as my share.

Free to read, copy and share

76

Likhta ho husn-e-chehra-e-Hur-e-wafa sarisht
لکھتا ہو حسن چہرۂ حر وفا سرشت

Shia to daad den ge ke mujhe Panchtan bahisht
شیعہ تو داد دیں گے کے مجھے پنجتن بہشت

Jis ne likha ye wasf hui khuld sarnavisht
جس نے لکھا یہ وصف ہوئی خلد سرنوشت

Roya jo Hur ko sabz hui maghfirat ki kisht
رویا جو حر کو سبز ہوئی مغفرت کی کشت

Hur ki tarah ba khair hua kis ka khatima
حر کی طرح بخیر ہوا کس کا خاتمہ

Sar zanu-e-Husain pe baleen pe Fatima
سر زانوئے حسینؑ پہ بالیں پہ فاطمہؑ

I write of the beauty of the face of Hurr, loyal by nature;
the Shia will praise me, and the Panjtan will give me paradise.
Whoever wrote this praise had paradise for his destiny;
whoever wept for Hurr, the field of forgiveness turned green for him.
Whose end was ever as blessed as Hurr's:
his head on the knee of Husain (a), Fatima (a) at his pillow?

77

Mehr-e-mubeen-e-mashriq-e-mehr-o-wafa hai Hur
مہر مبین مشرق مہر وفا ہے حر

Ganjeena-e-muhabbat-e-Aal-e-Aba hai Hur
گنجینۂ محبت آل عبا ہے حر

Sartaj-e-Shiayan-e-Ali jo bana hai Hur
سرتاج شیعیان علی جو بنا ہے حر

Goya ke Ibn-e-Fatima ka naqsh-e-pa hai Hur
گویا کہ ابن فاطمہؑ کا نقش پا ہے حر

Hai fakhr jo ghulam-e-Hur-e-nek naam ho
ہے فخر جو غلام حر نیک نام ہو

Aqa Husain sa ho to Hur sa ghulam ho
آقا حسینؑ سا ہو تو حر سا غلام ہو

Hurr is the bright sun rising in the east of love and loyalty;
Hurr is a treasury of love for the Family of the Cloak;
since Hurr has become the crown of the Shia of Ali,
it is as if Hurr were the footprint of the son of Fatima (a).
It is an honour to be the slave of Hurr of good name;
where the master is like Husain (a), let the slave be like Hurr.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

78

Mehman-e-Karbala ka ye mehman hai ba wafa
مہمان کربلا کا یہ مہماں ہے باوفا

Aaya tha pyaasa pyaasa hi marne ko ye chala
آیا تھا پیاسا پیاسا ہی مرنے کو یہ چلا

Phir Haq ke rubaru ho na kyun aabru siwa
پھر حق کے روبرو ہو نہ کیوں آبرو سوا

Pyaasa siwaye Hur koi mehman nahin suna
پیاسا سوائے حر کوئی مہماں نہیں سنا

Dekho to qadr-e-ulfat-e-sibt-e-Rasool ki
دیکھو تو قدر الفت سبط رسولؐ کی

Ik khushk aab-e-tegh ki dawat qubool ki
اک خشک آب تیغ کی دعوت قبول کی

This guest of the guest of Karbala is loyal:
he came thirsty, and thirsty he went out to die;
why then should his honour not be greater before God?
No one ever heard of a thirsty guest but Hurr.
See how he prized his love for the grandson of the Prophet (s):
he accepted a feast of nothing but the dry water of the sword.

79

Haal-e-Hur-e-shaheed pe ae sahib-e-shuoor
حال حر شہید پہ اے صاحب شعور

Tahseen bhi zaroor hai girya bhi hai zaroor
تحسین بھی ضرور ہے گریہ بھی ہے ضرور

Tahseen to wafa pe jo ki shah ke huzoor
تحسین تو وفا پہ جو کی شاہ کے حضور

Aur girya bekasi pe ke hai qabr kitni door
اور گریہ بے کسی پہ کہ ہے قبر کتنی دور

Ab bhi Batool warid-e-maqtal jo roti hain
اب بھی بتولؑ وارد مقتل جو روتی ہیں

Maan bhi na roye jaisa ke wo Hur ko roti hain
ماں بھی نہ روئے جیسا کہ وہ حر کو روتی ہیں

Over the fate of Hurr the martyr, you who understand,
praise is due, and weeping is due too:
praise for the loyalty he showed before the King,
and weeping for his lonely state: how far away his grave is!
Even now, when Batool (a) comes to the place of slaughter and weeps,
she weeps for Hurr as not even a mother would.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

80

Manind-e-subh saaf karo dil ko ab shitab
مانند صبح صاف کرو دل کو اب شتاب

Ta jalwa gar ho chehra-e-Hur misl-e-aftab
تا جلوہ گر ہو چہرۂ حر مثل آفتاب

Nazara-e-jamal-e-ghulam-e-Abu Turab
نظارۂ جمال غلام ابو تراب

La raib hai ziyarat-e-shah-e-falak janab
لاریب ہے زیارت شاہ فلک جناب

Likha hua tha Hur ki yahi sarnavisht mein
لکھا ہوا تھا حر کی یہی سرنوشت میں

Dozakh mein raat ko tha sahar ko bahisht mein
دوزخ میں رات کو تھا سحر کو بہشت میں

Now quickly make your hearts as clear as the dawn,
so that the face of Hurr may shine out like the sun:
to behold the beauty of the servant of Abu Turab
is surely a pilgrimage to the King of heavenly rank.
This was what was written in Hurr's destiny:
at night he was in Hell, at dawn in paradise.

81

Chehra hai fard-e-dastkhat-e-munshi-e-wafa
چہرہ ہے فرد دستخط منشی وفا

Tughra-e-naqsh-e-dosti-e-sibt-e-Mustafa
طغرائے نقش دوستی سبط مصطفا

Aazar-e-kufr ke liye hai nuskha-e-shifa
آزار کفر کیلئے ہے نسخۂ شفا

Aariz do aftab do aaina-e-ziya
عارض دو آفتاب دو آئینہ ضیا

Ik aftab ilm ka hai ik yaqeen ka
اک آفتاب علم کا ہے اک یقین کا

Ik aaina hai shara ka aur ek deen ka
اک آئینہ ہے شرع کا اور ایک دین کا

His face is a document signed by the secretary of Loyalty,
the seal of friendship with the grandson of Mustafa,
a prescription to cure the disease of unbelief;
his cheeks are two suns, two mirrors of light:
one the sun of knowledge, the other of certainty;
one the mirror of the law, the other of the faith.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

82

Barhta hai ta do hafta har ik mah mein qamar
بڑھتا ہے تا دو ہفتہ ہر اک ماہ میں قمر

Aariz ye husn karte hain paida ziyada tar
عارض یہ حسن کرتے ہیں پیدا زیادہ تر

Ik shab bhi roo-e-Hur ke muqabil nahin magar
اک شب بھی روئے حر کے مقابل نہیں مگر

Ye badr-e-rukh to auj-e-abad par hai jalwa gar
یہ بدر رخ تو اوج ابد پر ہے جلوہ گر

Wo husn aarzi hai to kya etimad hai
وہ حسن عارضی ہے تو کیا اعتماد ہے

Daghi hai wo ye saaf wo kam ye ziyad hai
داغی ہے وہ یہ صاف وہ کم یہ زیاد ہے

Each month the moon grows for two weeks;
these cheeks grow in beauty all the more;
but not for one night can it match the face of Hurr:
this full moon of a face shines at the height of eternity.
That beauty is passing; what trust can one place in it?
That is stained, this is clear; that wanes, this waxes.

83

Kis ru se yaan ho qadr mah-o-aftab ko
کس رو سے یاں ہو قدر مہ و آفتاب کو

Mushaf pe hai sharaf rukh-e-pur aab-o-taab ko
مصحف پہ ہے شرف رخ پر آب و تاب کو

Ye mushaf-e-wafa hai risalat maab ko
یہ مصحف وفا ہے رسالت مآب کو

Misl-e-pisar aziz hai Umm-ul-Kitab ko
مثل پسر عزیز ہے ام الکتاب کو

Jaari waraq pe chashm se khoon-e-naab kijiye
جاری ورق پہ چشم سے خوں ناب کیجئے

Surkhi se is saheefa pe aerab kijiye
سرخی سے اس صحیفہ پہ اعراب کیجئے

On what ground could the moon and the sun have any worth here?
This radiant face is honoured above the written Quran;
to the Prophet it is a scripture of loyalty;
it is as dear as a son to the Mother of the Book.
Let pure blood flow from your eyes onto its page,
and mark the vowels on this scripture in red.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

84

Ab wasf-e-khatt-o-khaal qalamband kijiye
اب وصف خط و خال قلمبند کیجئے

Is band par sitaron ko ispand kijiye
اس بند پر ستاروں کو اسپند کیجئے

Dil madh-e-rukh ke likhne se khursand kijiye
دل مدح رخ کے لکھنے سے خرسند کیجئے

Nuqta pe fakhr chaand se dah chand kijiye
نقطہ پہ فخر چاند سے دہ چند کیجئے

Wasf-e-jabeen-o-aariz-o-khaal aashkara hai
وصف جبین و عارض و خال آشکارا ہے

Khursheed mein qamar hai qamar mein sitara hai
خورشید میں قمر ہے قمر میں ستارا ہے

Now set down in writing the praise of his features;
burn the stars like rue-seed over this stanza;
gladden your heart by writing the praise of his face;
take ten times more pride in a single dot than in the moon.
The praise of brow, cheek and mole is plain to see:
a moon within a sun, a star within the moon.

85

Chehra hai mah shaan do abru karo khayal
چہرہ ہے ماہ شان دو ابرو کرو خیال

Ye kaun sa mahina hai jis mein hain do hilal
یہ کون سا مہینہ ہے جس میں ہیں دو ہلال

Ab to ye hai sana-e-durr-e-dandan ki hai muhal
اب تو یہ ہے ثنا در دنداں کی ہے محال

Paaoon dahan to kuchh durr-e-dandan ki doon misal
پاؤں دہن تو کچھ در دنداں کی دوں مثال

Dandan durr-e-Adan pe dahan rashk-e-durj hai
دنداں در عدن پہ دہن رشک درج ہے

Battees aftab hain aur ek burj hai
بتیس آفتاب ہیں اور ایک برج ہے

His face has the glory of the moon; consider the two brows:
what month is this, that has two crescents?
Now the praise of the pearls of his teeth is beyond me;
if I could find his mouth, I would offer some likeness for them.
His teeth are pearls of Aden, his mouth the envy of a jewel-casket:
thirty-two suns in a single mansion of the sky.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

86

Ab madh chashm-e-Hur ki na kyun farz-e-ain ho
اب مدح چشم حر کی نہ کیوں فرض عین ہو

Jis par ke ain-e-afv-e-janab-e-Husain ho
جس پر کہ عین عفو جناب حسینؑ ہو

Madd-e-nazar jise dil-e-Zahra ka chain ho
مد نظر جسے دل زہرا کا چین ہو

Ye ain kyun na Shion ko phir farz-e-ain ho
یہ عین کیوں نہ شیعوں کو پھر فرض عین ہو

Abru ka hai ishara ke hasil murad hai
ابرو کا ہے اشارہ کہ حاصل مراد ہے

Main madd-e-arzdasht ho ye ain saad hai
میں مد عرض داشت ہو یہ عین صاد ہے

Why should the praise of Hurr's eye not now be a duty on each of us,
an eye on which rests the very eye of the noble Husain's (a) forgiveness,
an eye whose aim is the peace of Zahra's heart?
Why then should this eye not be a duty on every Shia?
His brow signals that his wish is granted:
'Let me be the stroke on the petition; this eye is the mark of approval.'

87

Firdaus ki naseem jo aati hai khushgawar
فردوس کی نسیم جو آتی ہے خوشگوار

Hoti hai band nargis-e-bedar baar baar
ہوتی ہے بند نرگس بیدار بار بار

Par waqt-e-jang band hai kyun chashm-e-hushyar
پر وقت جنگ بند ہے کیوں چشم ہوشیار

Ain-e-aza-e-sibt-e-payambar hai aashkar
عین عزائے سبط پیمبر ہے آشکار

Waz-e-zamana dekh ke Hur ko jo khashm hai
وضع زمانہ دیکھ کے حر کو جو خشم ہے

Mil kar palak palak se siyah posh chashm hai
مل کر پلک پلک سے سیہ پوش چشم ہے

When the pleasant breeze of paradise comes,
the wakeful narcissus closes again and again;
but why is the watchful eye closed in the hour of battle?
It is plainly in mourning for the grandson of the Prophet.
Seeing the ways of the world, Hurr is angry:
lash pressed to lash, his eye is dressed in black.

Free to read, copy and share

88

Donon labon ke wasf ka mazmoon naya hai wah
دونوں لبوں کے وصف کا مضموں نیا ہے واہ

Sheerini-e-zaban pe hain goya ye do gawah
شیرینیٔ زباں پہ ہیں گویا یہ دو گواہ

Do shughl un labon ke hain har shaam-o-har pagah
دو شغل ان لبوں کے ہیں ہر شام و ہر پگاہ

Zikr-e-ilah-o-manqabat-e-Zaighamullah
ذکر الٰہ و منقبت ضیغم اللہ

Sheerini-e-dahan ke raqam gar sifat hon
شیرینی دہن کے رقم گر صفات ہوں

Hon neshakar qalam shakaristan dawat hon
ہوں نیشکر قلم شکرستاں دوات ہوں

How fresh is the theme of praising his two lips!
They are like two witnesses to the sweetness of his tongue;
these lips have two tasks every evening and every dawn:
the remembrance of God and the praise of the Lion of God.
If the qualities of the sweetness of his mouth were to be written,
the pens would be sugar-cane and the inkwells fields of sugar.

89

Ik ramz hai jo kakul-o-rukh hain ye aas paas
اک رمز ہے جو کاکل و رخ ہیں یہ آس پاس

Aalam ko subh-o-shaam ka karte hain raushanas
عالم کو صبح و شام کا کرتے ہیں روشناس

Kakul pe husn-e-misra-e-wal-lail ka qayas
کاکل پہ حسن مصرعۂ واللیل کا قیاس

Rukh se hua hai matla-e-wal-fajr iqtibas
رخ سے ہوا ہے مطلع و الفجر اقتباس

Paida qareeb chehra ke javed zulf hai
پیدا قریب چہرہ کے جاوید زلف ہے

Khursheed rukh hai saya-e-khursheed zulf hai
خورشید رخ ہے سایۂ خورشید زلف ہے

There is a hidden meaning in his locks and face lying side by side:
they make the world acquainted with morning and evening;
the beauty of the line 'By the night' is likened to his locks;
the opening 'By the dawn' is drawn from his face.
His lock, which never fades, lies close beside his face:
the face is the sun, the lock the shadow of the sun.

Free to read, copy and share

90

Pa-e-Husain se jo sar-e-Hur ko hai niyaz
پائے حسینؑ سے جو سر حر کو ہے نیاز

Yaan har buland past hai hangam-e-imtiyaz
یاں ہر بلند پست ہے ہنگام امتیاز

Karna hai farq-e-Hur pe sar-e-Arsh fakhr-o-naaz
کرنا ہے فرق حر پہ سر عرش فخر و ناز

Roz-e-azal se Haq ne kiya Hur ko sarfaraz
روز ازل سے حق نے کیا حر کو سرفراز

Zanu-e-shah takiya-e-khwab-e-bahisht hai
زانوئے شاہ تکیۂ خواب بہشت ہے

Is sar ke hum nisar ke kya sarnavisht hai
اس سر کے ہم نثار کہ کیا سرنوشت ہے

Since the head of Hurr bows low at the feet of Husain (a),
here every height is low when it comes to rank;
the summit of the Throne must take pride in Hurr's head;
from the first day God exalted Hurr.
The King's knee is his pillow for the sleep of paradise;
I would give myself for that head: what a destiny!

91

Rukh par araq ke qatron ka hai dhoop mein vufoor
رخ پر عرق کے قطروں کا ہے دھوپ میں وفور

Ya hai guhar ka chashma-e-khursheed se zuhoor
یا ہے گہر کا چشمۂ خورشید سے ظہور

Hai azim-e-jihad jo garmi mein ye ghayoor
ہے عازم جہاد جو گرمی میں یہ غیور

Qatre na samjho munh pe barasta hai aaj noor
قطرے نہ سمجھو منہ پہ برستا ہے آج نور

Pyaasa nisar hota hai apne Imam par
پیاسا نثار ہوتا ہے اپنے امام پر

Neesan guhar fishan hai Hur-e-nek naam par
نیساں گہر فشاں ہے حر نیک نام پر

In the sun his face is thick with beads of sweat,
or pearls are rising from the fountain of the sun;
as this proud man sets out in the heat to fight in God's way,
do not take them for drops: today light is raining on his face.
The thirsty man gives his life for his Imam;
the spring rain scatters pearls on Hurr of good name.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

92

Abru hain ya do misra-e-yak bait-e-Zulfiqar
ابرو ہیں یا دو مصرعۂ یک بیت ذوالفقار

Ya phir udood-o-faqra-e-shamsheer-e-aabdar
یا پھر عدود و فقرۂ شمشیر آبدار

Shaan-e-jabeen se rifat-e-gardoon hai aashkar
شان جبیں سے رفعت گردوں ہے آشکار

Hai waqai hilal ye abru-e-ba waqar
ہے واقعی ہلال یہ ابروئے باوقار

Ye mah-e-nau jabeen pe jo be ikhtilaf hai
یہ ماہ نو جبیں پہ جو بے اختلاف ہے

Royat ka ye sabab hai ke matla bhi saaf hai
رویت کا یہ سبب ہے کہ مطلع بھی صاف ہے

Are these brows, or the two lines of a single couplet of Zulfiqar,
or the edges and notches of a gleaming sword?
The glory of his brow shows the loftiness of the sky;
this dignified brow is truly a crescent moon.
That this new moon on his forehead is beyond dispute
is because the horizon too is clear for sighting it.

93

Husn-o-jamal-e-Hur pe hai taeed-e-Kibriya
حسن و جمال حر پہ ہے تائید کبریا

Maathe ki wo namood wo rukhsar ki ziya
ماتھے کی وہ نمود وہ رخسار کی ضیا

Rukh ke araq ne aab-e-baqa ka maza diya
رخ کے عرق نے آب بقا کا مزا دیا

Chah-e-zaqan mein chashma-e-haiwan nihan kiya
چاہ ذقن میں چشمۂ حیواں نہاں کیا

Is chah mein jo beeni-e-anwar ka noor hai
اس چاہ میں جو بینیٔ انور کا نور ہے

Raushan Khizr ke chashma pe ye sham-e-Toor hai
روشن خضر کے چشمہ پہ یہ شمع طور ہے

The favour of the Almighty rests on the beauty and grace of Hurr:
that splendour of the forehead, that radiance of the cheek!
The sweat of his face gave the taste of the water of life;
it hid the Fountain of Life in the dimple of his chin.
The light of his shining nose that falls into this well
is the lamp of Sinai shining over the spring of Khizr.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

94

Pesh-e-bayaz-e-gardan-e-Hur subh fard-e-shaam
پیش بیاض گردن حر صبح فرد شام

Sham-e-haram jhukati hai gardan pa-e-salam
شمع حرم جھکاتی ہے گردن پئے سلام

Subh-e-galoo pe noor ke darje hue tamam
صبح گلو پہ نور کے درجے ہوئے تمام

Rumal Fatima ka bandha hai ye wo maqam
رومال فاطمہؑ کا بندھا ہے یہ وہ مقام

Bas noor mein to noor ka paiwand chahiye
بس نور میں تو نور کا پیوند چاہیئے

Rumal Fatima ka guloo band chahiye
رومال فاطمہؑ کا گلوبند چاہیئے

Beside the whiteness of Hurr's neck the dawn is a page of evening;
the candle of the sanctuary bows its neck in greeting;
on the dawn of his throat every degree of light is complete:
this is the place where the kerchief of Fatima (a) is tied.
For light, only a patch of light will do;
the kerchief of Fatima (a) is the scarf this throat needs.

95

Lauh-e-baqa-e-mehr-o-wafa Hur ka seena hai
لوح بقائے مہر وفا حر کا سینہ ہے

Baab-e-uloom ki ye wila ka madina hai
باب علوم کی یہ ولا کا مدینہ ہے

Kya khoob is se Kaaba-e-dil ka qareena hai
کیا خوب اس سے کعبۂ دل کا قرینہ ہے

Wo Kaaba mein kahan hai jo dil ka khazeena hai
وہ کعبہ میں کہاں ہے جو دل کا خزینہ ہے

Kaaba bhi dil bhi khana-e-Rab-e-Jaleel hai
کعبہ بھی دل بھی خانۂ رب جلیل ہے

Par dil binaa-e-Haq wo binaa-e-Khaleel hai
پر دل بنائے حق وہ بنائے خلیل ہے

Hurr's breast is the tablet on which love and loyalty endure;
it is a city of devotion to the Gate of all knowledge;
how well the Kaaba of the heart is matched in it!
Where in the Kaaba is the treasure that the heart holds?
The Kaaba and the heart are both the house of the Lord of glory,
but the heart was built by God, the Kaaba by the Friend of God.

Free to read, copy and share

96

Wo aasteen mein haathon ki talat ka hai zuhoor
وہ آستیں میں ہاتھوں کی طلعت کا ہے ظہور

Fanoos-e-Kaaba mein nazar aati hai sham-e-Toor
فانوس کعبہ میں نظر آتی ہے شمع طور

Kya noor ka hai nakhun-e-angusht par vufoor
کیا نور کا ہے ناخن انگشت پر وفور

Tashbeeh mah-e-nau se jo den sahib-e-shuoor
تشبیہ ماہ نو سے جو دیں صاحب شعور

Tashbeeh se hilal mein ye aab-o-taab ho
تشبیہ سے ہلال میں یہ آب و تاب ہو

Barh kar hilal badr na ho aftab ho
بڑھ کر ہلال بدر نہ ہو آفتاب ہو

The radiance of his hands shines out through his sleeves
like the lamp of Sinai seen in the lantern of the Kaaba;
what a wealth of light there is on his fingernails!
If men of understanding liken them to the new moon,
the crescent would gain such lustre from the likeness
that it would grow not into a full moon but into a sun.

97

Tooba se qad-e-Hur ki na kyun qadr ho siwa
طوبیٰ سے قد حر کی نہ کیوں قدر ہو سوا

Tazeem sarw qad karen jis ki sab ambiya
تعظیم سرو قد کریں جس کی سب انبیا

Josh-e-tasawwur-e-qad-e-mauzoon se baraha
جوش تصور قد موزوں سے بارہا

Tooba ki ye sada hai ke Tooba lakum fida
طوبیٰ کی یہ صدا ہے کہ طوبیٰ لکم فدا

Tasveer-e-qad-e-Hur use ustad kehte hain
تصویر قد حر اسے استاد کہتے ہیں

Ye wajh hai ke sarw ko aazad kehte hain
یہ وجہ ہے کہ سرو کو آزاد کہتے ہیں

Why should the stature of Hurr not be worth more than the Tooba tree,
when all the prophets, standing tall as cypresses, honour him?
Again and again, in the passion of picturing his graceful form,
the Tooba cries, 'Blessed are you; I am your ransom!'
They call the image of Hurr's stature the cypress's master;
that is why they call the cypress free.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

98

Ab zewar-e-silah ko dekhen jawan-o-peer
اب زیور سلاح کو دیکھیں جوان و پیر

Khod-o-sinan-o-jaushan-o-tegh-o-kaman-o-teer
خود و سنان و جوشن و تیغ و کمان و تیر

Hai naqsh naam-e-Akbar-o-Asghar ka dil pazeer
ہے نقش نام اکبرؑ و اصغر کا دل پذیر

Kya Jaushan-e-Kabeer hai kya Jaushan-e-Sagheer
کیا جوشن کبیر ہے کیا جوشن صغیر

Tegh-o-sinan-o-teer ka jauhar hai aashkar
تیغ و سناں و تیر کا جوہر ہے آشکار

La saif-o-la fata ka ye mahzar hai aashkar
لاسیف و لافتےٰ کا یہ محضر ہے آشکار

Now let young and old look at the adornment of his arms:
helmet and spear, mail and sword, bow and arrow.
The names of Akbar (a) and Asghar are engraved on them, a delight to the heart:
what a Great Jaushan, what a Small Jaushan!
The temper of sword, spear and arrow is plain to see;
this is the plain testimony of 'No sword but one, no hero but one'.

99

Wasf-e-zirah se khul gaya ye raaz sar ba sar
وصف زرہ سے کھل گیا یہ راز سر بسر

Gin lo ke chaar aaina hai aur ik sipar
گن لو کہ چار آئینہ ہے اور اک سپر

Ye paanch mohren saaf zirah par hain jalwa gar
یہ پانچ مہریں صاف زرہ پر ہیں جلوہ گر

Samjho na tum zirah soo-e-shah us ne aan kar
سمجھو نہ تم زرہ سوئے شہ اس نے آن کر

Mahzar likha hai ulfat-e-Aal-e-Rasool par
محضر لکھا ہے الفت آل رسولؐ پر

Mohren ye Panchtan ki hain husn-e-qubool par
مہریں یہ پنجتن کی ہیں حسن قبول پر

From the praise of his mail this secret is wholly revealed:
count them: there is a four-plate breastplate and a shield;
these five seals shine clearly on the mail.
Do not take it for mail: coming to the King, he has
written a testimony to his love for the family of the Prophet (s),
and these are the seals of the Panjtan, setting their approval on it.

Free to read, copy and share

100

Tooba ki shakh neza ke shahid hain Jibrail
طوبیٰ کی شاخ نیزہ کے شاہد ہیں جبرئل

Qurs-e-sipar hai badr-e-shab-e-qadr ki dalil
قرص سپر ہے بدر شب قدر کی دلیل

Tegh-e-rawan hai mojiza-e-Sayyid-e-jaleel
تیغ رواں ہے معجزۂ سید جلیل

Hai aab be nazeer to hai taab be adeel
ہے آب بے نظیر تو ہے تاب بے عدیل

Hairat hai ek qabza mein barq-o-sahab hai
حیرت ہے ایک قبضہ میں برق و سحاب ہے

Qudrat ye hai Khuda ki ke aatish mein aab hai
قدرت یہ ہے خدا کی کہ آتش میں آب ہے

Gabriel is witness that his spear is a branch of the Tooba tree;
the disc of his shield is the proof of the full moon on the Night of Power;
his flowing sword is a miracle of the glorious Sayyid:
its temper is peerless and its gleam unmatched.
Wonder of wonders: lightning and cloud in a single grip!
Such is the power of God: water within fire.

101

Wasf-e-samand-e-Hur mein hai kilk-e-qalam rawan
وصف سمند حر میں ہے کلک قلم رواں

Jis ke huzoor mauj-e-hawa nabz-e-natawan
جس کے حضور موج ہوا نبض ناتواں

Rukta nahin kahin sifat-e-tegh-e-do zaban
رکتا نہیں کہیں صفت تیغ دو زباں

Nazron pe charh ke phirti hain aankhon mein putliyan
نظروں پہ چڑھ کے پھرتی ہیں آنکھوں میں پتلیاں

Barq-e-sharar fishan dam-e-raftar ran mein hai
برق شرر فشاں دم رفتار رن میں ہے

Taoos-e-mast hai ke khiraman chaman mein hai
طاؤس مست ہے کہ خراماں چمن میں ہے

My pen runs swiftly in praise of Hurr's horse,
before which the wave of the wind is a feeble pulse;
like a two-edged sword it stops nowhere;
the pupils of the eyes spin as they ride after it.
When it runs on the battlefield it is spark-scattering lightning;
or is it a peacock in its pride, strutting in a garden?

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

102

Gar bahr-e-qabz-e-jaan-e-adu-e-shah-e-zaman
گر بہر قبض جان عدوئے شہ زماں

Hamrah is samand ke hoye ajal rawan
ہمراہ اس سمند کے ہوئے اجل رواں

Rakib ishara baag se itna kare ke haan
راکب اشارہ باگ سے اتنا کرے کہ ہاں

Phir haan ke baad maut kahan aur ye kahan
پھر ہاں کے بعد موت کہاں اور یہ کہاں

Donon ko gar talash karo razmgah mein
دونوں کو گر تلاش کرو رزم گاہ میں

Tausan sar-e-adu pe mile maut raah mein
توسن سر عدو پہ ملے موت راہ میں

If, to take the life of the enemy of the King of the age,
Death should ride along beside this horse,
and the rider gave no more sign with the rein than 'Go',
then after that 'Go', where would Death be, and where the horse!
If you looked for both on the field of battle,
you would find the horse over the enemy's head and Death still on the road.

103

Shaan-o-shukoh-e-aamad-e-Hur par kiya khayal
شان و شکوہ آمد حر پر کیا خیال

Ye dabdaba ye tantana ye jaah ye jalal
یہ دبدبہ یہ طنطنہ یہ جاہ یہ جلال

Parhta hai yun rajaz wo huzoor-e-saf-e-qital
پڑھتا ہے یوں رجز وہ حضور صف قتال

Yaaron main hoon ghulam-e-
shahanshah-e-khush khisal
یاروں میں ہوں غلام شہنشاہ خوش خصال

Un se juda hoon kufr ka jin ko maza mila
ان سے جدا ہوں کفر کا جن کو مزا ملا

Un se mila hoon milne se jin ke Khuda mila
ان سے ملا ہوں ملنے سے جن کے خدا ملا

Think upon the splendour and majesty of Hurr's coming:
this awe, this pomp, this dignity, this glory!
Before the battle lines he recites his boast:
'Friends, I am the slave of the virtuous emperor;
I have parted from those who found relish in unbelief;
I have joined the one through whom God is found.

Free to read, copy and share

104

Deta hoon us pe jaan jo Zahra ki jaan hai
Mehman hoon us ka maut ka jo mehman hai
Us ki aman mein hoon jo kul ki aman hai
Wo jis pe mehrban hai Khuda mehrban hai
Ab daaman-e-Husain hai aur mera haath hai

Main us ke saath hoon ke Khuda jis ke saath hai

دیتا ہوں اس پہ جان جو زہراؑ کی جان ہے
مہماں ہوں اس کا موت کا جو میہمان ہے
اس کی امان میں ہوں جو کل کی امان ہے
وہ جس پہ مہرباں ہے خدا مہربان ہے
اب دامن حسینؑ ہے اور میرا ہاتھ ہے
میں اس کے ساتھ ہوں کہ
خدا جس کے ساتھ ہے

I give my life for him who is the life of Zahra (a);
I am the guest of him who is Death's guest;
I am under the protection of him who protects all;
to whomever he is kind, God is kind.
Now my hand holds the hem of Husain's (a) robe;
I am with him with whom God is.'

105

Bola ye Ibn-e-Saad ye sab hai suna hua
Hum kuchh nahin samajhte ke tu keh raha hai kya
Tu aankh chaar karta hai aati nahin haya
Wo parwarish Yazid ki aur ye teri dagha
Haq-e-namak Yazid ka kya khoob ada kiya
Tu wo hai jis ne gosht se nakhun juda kiya

بولا یہ ابن سعد یہ سب ہے سنا ہوا
ہم کچھ نہیں سمجھتے کہ تو کہہ رہا ہے کیا
تو آنکھ چار کرتا ہے آتی نہیں حیا
وہ پرورش یزید کی اور یہ تری دغا
حق نمک یزید کا کیا خوب ادا کیا
تو وہ ہے جس نے گوشت سے ناخن جدا کیا

Ibn Saad said, 'We have heard all this before;
we do not understand what you are saying.
You look us in the eye and feel no shame:
Yazid's patronage, and this your treachery!
How well you have repaid the salt of Yazid!
You are the one who has torn the nail from the flesh.'

Free to read, copy and share

106

Ghussa se Hur pukara ke bas bas zaban sambhal
غصہ سے حر پکارا کہ بس بس زباں سنبھال

Haq ko na bhool apne girebaan mein munh ko daal
حق کو نہ بھول اپنے گریباں میں منہ کو ڈال

Aur shor bakht kaisa namak hai kidhar khayal
اور شور بخت کیسا نمک ہے کدھر خیال

Tu hi namak haraam hai main hoon namak halal
تو ہی نمک حرام ہے میں ہوں نمک حلال

Kyun rahmat-e-Khuda ko tu laata hai qahr mein
کیوں رحمت خدا کو تو لاتا ہے قہر میں

Aab-o-namak to aaya hai Zahra ke mehr mein
آب و نمک تو آیا ہے زہراؑ کے مہر میں

Hurr cried out in anger, 'Enough, enough! Guard your tongue;
do not forget the truth; look into your own heart.
And you, ill-starred man, what salt? Where are your wits?
It is you who are false to the salt; I am true to it.
Why do you turn the mercy of God into wrath?
Water and salt came as the dowry of Zahra (a).

107

Namoos-e-Panchtan pe ye faaqa hai teesra
ناموس پنجتن پہ یہ فاقہ ہے تیسرا

Kis ne unhen bulaya hai mehman sach bata
کس نے انہیں بلایا ہے مہمان سچ بتا

Paas-e-namak yahi hai ke Hazrat pe hoon fida
پاس نمک یہی ہے کہ حضرت پہ ہوں فدا

Darya tha mehr-e-Fatima so tum ne le liya
دریا تھا مہر فاطمہ سو تم نے لے لیا

Mulk-e-Yazid hai ke ye milk-e-Batool hai
ملک یزید ہے کہ یہ ملک بتولؑ ہے

Ab kal ye kahiyo nana bhi us ka Rasool hai
اب کل یہ کہیو نانا بھی اس کا رسولؐ ہے

This is the third day of hunger for the women of the Panjtan;
tell the truth: who invited them here as guests?
To honour the salt is to give my life for the Hazrat;
the river was Fatima's dowry, and you have taken it.
Is this Yazid's realm, or is it the property of Batool (a)?
Next you will be saying that the Messenger (s) is his grandfather too!

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

108

Pushten hoven Yazid to kafir hai ae Umar
پشتیں ہویں یزید تو کافر ہے اے عمر

Par tera baap kaun tha dil mein khayal kar
پر تیرا باپ کون تھا دل میں خیال کر

Hairat hai Saad ka pisar aur nahs is qadar
حیرت ہے سعد کا پسر اور نحس اس قدر

Main bad nahin hoon nek na tha go mera pidar
میں بد نہیں ہوں نیک نہ تھا گو مرا پدر

Gul kar ke sham-e-marqad-e-Khair-ul-Anam ko
گل کر کے شمع مرقد خیر الانام کو

Raushan tu aaj karta hai kya apne naam ko
روشن تو آج کرتا ہے کیا اپنے نام کو

Whatever Yazid's forebears, he is an unbeliever, Umar ibn Saad;
but think in your heart who your father was:
it is a wonder that the son of Saad should be so ill-starred.
I am not wicked, though my father was not good.
Having put out the lamp at the tomb of the Best of Mankind,
is this how you make your name shine today?

109

Khandaq mein mera baap tha kuffar ki taraf
خندق میں میرا باپ تھا کفار کی طرف

Tera pidar tha Ahmad-e-Mukhtar ki taraf
تیرا پدر تھا احمد مختار کی طرف

Tu aaj hai Yazid-e-bad atwar ki taraf
تو آج ہے یزید بد اطوار کی طرف

Aur main hoon Ibn-e-Haidar-e-Karrar ki taraf
اور میں ہوں ابن حیدر کرار کی طرف

Insaf kar ke sahib-e-izz-o-sharaf hai kaun
انصاف کر کہ صاحب عزو شرف ہے کون

Baatil ki simt kaun hai Haq ki taraf hai kaun
باطل کی سمت کون ہے حق کی طرف ہے کون

At the Trench my father was on the side of the unbelievers,
your father was on the side of Ahmad the Chosen;
today you are on the side of evil Yazid,
and I am on the side of the son of Haidar-e-Karrar.
Judge fairly: who is the man of honour and glory?
Who stands with falsehood, and who with the truth?'

Free to read, copy and share

110

Bola Umar ghuroor se karta hai kya kalam
بولا عمر غرور سے کرتا ہے کیا کلام

Matam mein tere roye ga kunba tera tamam
ماتم میں ترے روئے گا کنبہ ترا تمام

Marne ke baad laash se bhi len ge intiqam
مرنے کے بعد لاش سے بھی لیں گے انتقام

Jaaye ga tera sar pa-e-nazr-e-amir-e-Shaam
جائے گا تیرا سر پئے نذر امیر شام

Hur ne kaha ke dahshat-e-beja nahin mujhe
حر نے کہا کہ دہشت بیجا نہیں مجھے

Main sar ba kaf hoon fikr-e-sar-o-pa nahin mujhe
میں سر بکف ہوں فکر سر و پا نہیں مجھے

Umar ibn Saad said, 'What arrogant talk is this?
Your whole family will weep in mourning for you;
after you die we will take revenge even on your corpse;
your head will go as an offering to the ruler of Syria.'
Hurr said, 'I have no idle fear;
I carry my head in my hand; I care nothing for head or foot.'

111

Ye keh ke Hur ne khench li shamsheer-e-khush ghilaf
یہ کہہ کے حر نے کھینچ لی شمشیر خوش غلاف

Aur keh ke ya Husain hua azim-e-masaf
اور کہہ کے یا حسینؑ ہوا عازم مصاف

Hur-e-jari ke sar pe kiya fatah ne tawaf
حر جری کے سر پہ کیا فتح نے طواف

Ghussa se misl-e-mehr hua surkh roo-e-saaf
غصہ سے مثل مہر ہوا سرخ روئے صاف

Jumbish soo-e-yasar jo qutb-e-yameen ne ki
جنبش سوئے یسار جو قطب یمیں نے کی

Sakte mein charkh aa gaye jumbish zameen ne ki
سکتے میں چرخ آ گئے جنبش زمیں نے کی

So saying, Hurr drew his finely sheathed sword
and, crying 'O Husain (a)!', set out for the fight;
Victory circled round the head of brave Hurr;
his clear face turned red as the sun with anger.
When the pole of the right wing moved towards the left,
the heavens stood stunned and the earth shook.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

112

Nikla idhar se jang ko Hajjaj ka pisar
نکلا ادھر سے جنگ کو حجاج کا پسر

Sardar-e-ahl-e-maimana-e-lashkar-e-Umar
سردار اہل میمنہ لشکر عمر

Talwar ek haath mein ik haath mein sipar
تلوار ایک ہاتھ میں اک ہاتھ میں سپر

Bahr-e-madad giroh-e-musallah idhar udhar
بہر مدد گروہ مسلح ادھر ادھر

Hur ne kaha ke is mein to aaj imtihan hai
حر نے کہا کہ اس میں تو آج امتحان ہے

Main Haidari jawan tu Yazidi jawan hai
میں حیدری جواں تو یزیدی جوان ہے

From that side the son of Hajjaj came out to fight,
commander of the right wing of the army of Umar ibn Saad,
a sword in one hand and a shield in the other,
with armed bands on either side to help him.
Hurr said, 'Today this is the test:
I am Haidar's young man, you are Yazid's.

113

Wo hamlon mein na ek rahe ga hazar mein
وہ حملوں میں نہ ایک رہے گا ہزار میں

Wo bola be misal hai tu rozgar mein
وہ بولا بے مثال ہے تو روزگار میں

Ghalib hazar par hai saf-e-karzar mein
غالب ہزار پر ہے صف کارزار میں

Hur ne kaha ab aur safai hai waar mein
حر نے کہا اب اور صفائی ہے وار میں

Ab hoon ghulam Ibn-e-shah-e-Zulfiqar ka
اب ہوں غلام ابن شہ ذوالفقار کا

Tab zor tha hazar ka ab sau hazar ka
تب زور تھا ہزار کا اب سو ہزار کا

In those charges not one in a thousand will be left.'
He said, 'You are matchless in the world;
in the battle line you prevail over a thousand.'
Hurr said, 'Now my strokes are cleaner still:
now I am the slave of the son of the King of Zulfiqar;
then I had the strength of a thousand, now of a hundred thousand.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

114

Ghussa se barq-e-tegh ka us ne lagaya waar
غصہ سے برق تیغ کا اس نے لگایا وار

Khursheed par ho kya asar-e-barq-e-be madar
خورشید پر ہو کیا اثر برق بے مدار

Hur ne sipar pe rok ke wo tegh-e-aabdar
حر نے سپر پہ روک کے وہ تیغ آبدار

Tegh apni taul kar kaha ya shah-e-Zulfiqar
تیغ اپنی تول کر کہا یا شاہ ذوالفقار

Chalaki is ko kehte hain bas itni baat mein
چالاکی اس کو کہتے ہیں بس اتنی بات میں

Ye tegh us ke sar pe wo tegh us ke haat mein
یہ تیغ اس کے سر پہ وہ تیغ اس کے ہات میں

In anger he struck with his lightning sword;
what can aimless lightning do to the sun?
Hurr caught that gleaming sword on his shield,
weighed his own sword and cried, 'O King of Zulfiqar!'
This is what they call quickness: in no time at all
this sword was on his head, that sword still in his hand.

115

Bekhud hua ye tegh jun hi khod par gayi
بیخود ہوا یہ تیغ جوں ہی خود پر گئی

Seena mein khod kaat ke san se utar gayi
سینہ میں خود کاٹ کے سن سے اتر گئی

Chalne se us ke saans adu ki thehar gayi
چلنے سے اس کے سانس عدو کی ٹھہر گئی

Zalim se poochhiye ke jo dil par guzar gayi
ظالم سے پوچھیے کہ جو دل پر گزر گئی

Tan par girah girah se bikas kar zirah khuli
تن پر گرہ گرہ سے بکس کر زرہ کھلی

Ye kya hai band band ki phir to girah khuli
یہ کیا ہے بند بند کی پھر تو گرہ کھلی

He lost his senses as soon as this sword came down on his helmet;
cutting through the helmet it went whistling into his chest;
as it went, the enemy's breath stopped;
ask the tyrant what passed through his heart.
On his body the mail burst open, knot by knot;
nay more, the knot of every joint came undone.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

116

Hazir shareek naam tha us ka jawan pisar
حاضر شریک نام تھا اس کا جواں پسر

Aa kar hua shareek-e-pidar neza taan kar
آکر ہوا شریک پدر نیزہ تان کر

Yaan neza maara aur chala teer sa udhar
یاں نیزہ مارا اور چلا تیر سا ادھر

Lalkara Hur thehar tu jawan mard hai agar
للکارا حر ٹھہر تو جواں مرد ہے اگر

Raste se misl-e-tale-e-bargashta phir para
رستے سے مثل طالع برگشتہ پھر پڑا

Phirna tha bas ke ghore se do ho ke gir para
پھرنا تھا بس کہ گھوڑے سے دو ہو کے گر پڑا

His young son, who shared his name, was there;
he came and joined his father, levelling his spear;
he thrust with it here and shot away like an arrow.
Hurr challenged him: 'Stand, if you are a brave man!'
He turned back from the road like fortune reversed;
no sooner had he turned than he fell from his horse in two pieces.

117

Boli zafar ye zarbat-e-hosh-o-hawas hai
بولی ظفر یہ ضربت ہوش و حواس ہے

Kya baat hai ke Haq tera jauhar shanas hai
کیا بات ہے کہ حق ترا جوہر شناس ہے

Bashshash ho agar dil-e-mahzoon udas hai
بشاش ہو اگر دل محزوں اداس ہے

Kausar pe kar nigah agar tujh ko pyaas hai
کوثر پہ کر نگاہ اگر تجھ کو پیاس ہے

Jurat pukari jang mein ghabra na jaiyo
جرأت پکاری جنگ میں گھبرا نہ جائیو

Haan ae daler Shimr ka sar le ke aaiyo
ہاں اے دلیر شمر کا سر لے کے آئیو

Victory said, 'This is a blow struck with a clear head;
how wonderful that God knows your worth!
Be cheerful, if your grieving heart is sad;
look to Kausar, if you are thirsty.'
Courage cried out, 'Do not lose heart in the battle;
come, brave man, bring back the head of Shimr!'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

118

Josh-e-dagha mein himmat-e-Hur ho gayi fuzood
جوش دغا میں ہمت حر ہو گئی فزود

Aage barha Husain pe parhta hua durood
آگے بڑھا حسینؑ پہ پڑھتا ہوا درود

Kya buzdilon ki asl thi larte jo wo hasood
کیا بزدلوں کی اصل تھی لڑتے جو وہ حسود

Zarre the be namood to qatre the be wujood
ذرے تھے بے نمود تو قطرے تھے بے وجود

Phir sar badan pe the na badan rahwar par
پھر سر بدن پہ تھے نہ بدن راہوار پر

Tegh aayi ya ke barq giri pamba zaar par
تیغ آئی یا کہ برق گری پنبہ زار پر

In the heat of battle Hurr's courage grew;
he pressed forward, calling down blessings on Husain (a).
What were those cowards worth, that the envious should fight?
They were motes without substance, drops without being.
Then heads were no longer on bodies, nor bodies on horses:
was it a sword that came, or lightning falling on a cotton field?

119

Karti thi tegh-e-Hur to sar-e-tegh zan juda
کرتی تھی تیغ حر تو سر تیغ زن جدا

Sehme hue the teer se navak fagan juda
سہمے ہوئے تھے تیر سے ناوک فگن جدا

Zakhmon ke the khule hue tan par chaman juda
زخموں کے تھے کھلے ہوئے تن پر چمن جدا

Mardum se chashm chashm se sar sar se tan juda
مردم سے چشم چشم سے سر سر سے تن جدا

Thi qahr zarb-e-gurz tan-e-be shukoh ko
تھی قہر ضرب گرز تن بے شکوہ کو

Kya Hur ne reza reza kiya koh koh ko
کیا حر نے ریزہ ریزہ کیا کوہ کوہ کو

Hurr's sword parted the swordsmen from their heads;
the archers, for their part, shrank from his arrows;
gardens of wounds bloomed on every body;
pupil from eye, eye from head, head from body, all were parted.
The blow of his mace was doom to those inglorious bodies;
how Hurr smashed every mountain of a man to pieces!

Free to read, copy and share

120

Aada huzoor-e-tegh se kar sakte kya farar
اعدا حضور تیغ سے کر سکتے کیا فرار

Shakl-e-kamand thi kham-e-jauhar se aashkar
شکل کمند تھی خم جوہر سے آشکار

Ya gul khilaya waan hui ja kar gale ki haar
یا گل کھلایا واں ہوئی جا کر گلے کی ہار

Maidan mein baghiyon ki khizan mein hui bahar
میداں میں باغیوں کی خزاں میں ہوئی بہار

Zakhmon ke gul khilati thi har ek waar mein
زخموں کے گل کھلاتی تھی ہر ایک وار میں

Karti thi sair khoon ke ye lala zaar mein
کرتی تھی سیر خون کے یہ لالہ زار میں

How could the enemy flee from the presence of that sword?
The curve of its temper showed like a noose:
here it made flowers bloom, there it went round necks like a garland;
on the field, in the rebels' autumn, it was spring.
With every stroke it made flowers of wounds bloom;
it strolled through a tulip-bed of blood.

121

Larta tha yun Yazidiyon se Haidari jawan
لڑتا تھا یوں یزیدیوں سے حیدری جواں

Be khauf ran mein hamla kunan tha yahan wahan
بے خوف رن میں حملہ کناں تھا یہاں وہاں

Nagah ik shaqi ki lagi seena par sinan
ناگاہ اک شقی کی لگی سینہ پر سناں

Ghore se gir para wo jari ho ke neem jaan
گھوڑے سے گر پڑا وہ جری ہو کے نیم جاں

Aqa ko di nida ke ye khadim fida hua
آقا کو دی ندا کہ یہ خادم فدا ہوا

Maula ghulam haq-e-namak se ada hua
مولا غلام حق نمک سے ادا ہوا

So Haidar's young man fought Yazid's men;
fearlessly he charged here and there across the field.
Suddenly a wretch's spear struck his chest;
the brave man fell from his horse, half dead.
He called out to his master, 'Your servant has given his life;
master, your slave has repaid his debt of salt.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

122

Kis waqt Hur ki laash pe pahuncha Ali ka laal
کس وقت حر کی لاش پہ پہنچا علیؑ کا لال

Tha waqt-e-naza torta tha dam wo khush khisal
تھا وقت نزع توڑتا تھا دم وہ خوشخصال

Seena zara tha garm badan barf ki misal
سینہ ذرا تھا گرم بدن برف کی مثال

Aaghosh mein utha liya shah ne ba sad malal
آغوش میں اٹھا لیا شہ نے بصد ملال

Chehra ko saaf kar diya gard-o-ghubar se
چہرہ کو صاف کر دیا گرد و غبار سے

Zanu pe rakh liya sar-e-Hur shah ne pyaar se
زانو پہ رکھ لیا سر حر شہ نے پیار سے

At what a moment the son of Ali (a) reached Hurr's body:
it was the hour of death; that good man was breathing his last;
his breast was a little warm, his body as cold as ice.
In deep sorrow the King lifted him into his arms;
he wiped the dust and grime from his face,
and lovingly the King laid Hurr's head on his knee.

123

Kuchh Hur ne aankhen khol ke dekha idhar udhar
کچھ حر نے آنکھیں کھول کے دیکھا ادھر ادھر

Poochha jo shah-e-deen ne to bola wo khush siyar
پوچھا جو شاہ دیں نے تو بولا وہ خوش سیر

Ik bibi rone aayi hai khadim ki laash par
اک بی بی رونے آئی ہے خادم کی لاش پر

Sunta hoon girya un ko nahin dekhta magar
سنتا ہوں گریہ ان کو نہیں دیکھتا مگر

Shah bole Fatima tere qurban hoti hain
شہ بولے فاطمہؑ ترے قربان ہوتی ہیں

Ae Hur ye meri maan tere matam mein roti hain
اے حر یہ میری ماں ترے ماتم میں روتی ہیں

Hurr opened his eyes a little and looked about;
when the King of the faith asked him, that good man said,
'A lady has come to weep over your servant's body;
I hear her weeping, but I cannot see her.'
The King said, 'Fatima (a) is giving herself for you;
Hurr, this is my mother weeping in mourning for you.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

124

Ye sun ke jaan ba haq hua wo Haidari jawan
یہ سن کے جاں بحق ہوا وہ حیدری جواں

Lashe pe Hur ke roye shahanshah-e-ins-o-jaan
لاشے پہ حر کے روئے شہنشاہ انس و جاں

Farmate the Husain ke ae mere mehman
فرماتے تھے حسینؑ کہ اے میرے میہماں

Main kar saka na koi ziyafat teri yahan
میں کر سکا نہ کوئی ضیافت تری یہاں

Jab tu mile ga badshah-e-kainat se
جب تو ملے گا بادشہ کائنات سے

Kausar ka jaam den ge Ali apne haath se
کوثر کا جام دیں گے علیؑ اپنے ہاتھ سے

Hearing this, Haidar's young man gave up his soul to God;
the emperor of men and jinn wept over Hurr's body.
Husain (a) was saying, 'O my guest,
I could not entertain you here at all;
when you meet the King of the universe,
Ali (a) will give you the cup of Kausar with his own hand.'

125

Har chand shah ke saath the ashab-e-nek zaat
ہر چند شہ کے ساتھ تھے اصحاب نیک ذات

Khud laaye Hur ki laash ko par shah-e-khush sifat
خود لائے حر کی لاش کو پر شاہ خوش صفات

Nazdeek-e-khema rakh diya aur khench di qanat
نزدیک خیمہ رکھ دیا اور کھینچ دی قنات

Ro kar haram se sibt-e-Nabi ne kahi ye baat
رو کر حرم سے سبط نبی نے کہی یہ بات

Koi aziz yaan nahin is khush sifat ka
کوئی عزیزیاں نہیں اس خوش صفات کا

Pursa do aa ke mujh ko Hur-e-nek zaat ka
پرسادو آ کے مجھ کو حر نیک ذات کا

Though the King had his good companions with him,
the virtuous King brought Hurr's body himself;
he laid it near the tent and drew a screen around it;
weeping, the grandson of the Prophet said to the women,
'This good man has no kin here;
come and console me for good Hurr.'

Free to read, copy and share

126

Raazi Ali hain us se to khushnood Mustafa
راضی علیؑ ہیں اس سے تو خوشنود مصطفی

Ghurbat mein bekason ka diya saath marhaba
غربت میں بیکسوں کا دیا ساتھ مرحبا

Pyaase the hum to us ne bhi paani nahin piya
پیاسے تھے ہم تو اس نے بھی پانی نہیں پیا

Pehle sabhu se ho gaya ye fidya-e-Khuda
پہلے سبھو سے ہوگیا یہ فدیۂ خدا

Mohsin ko mere muzhda ho jannat ki sair ka
محسن کو میرے مژدہ ہو جنت کی سیر کا

Bakhsho sawab tum use aamal-e-khair ka
بخشو ثواب تم اسے اعمال خیر کا

'Ali (a) is pleased with him, and Mustafa content;
he stood by the helpless in their exile: well done!
We were thirsty, so he too drank no water;
before all the rest he became a ransom for God.
Give my benefactor the good news of the gardens of paradise;
grant him the reward of your good deeds.'

127

Ye zikr tha ke dekhte kya hain shah-e-zaman
یہ ذکر تھا کہ دیکھتے کیا ہیں شہ زمن

Hur ke gale se khoon ka darya hai mauj zan
حر کے گلے سے خون کا دریا ہے موج زن

Haath apna rakh ke waan kiya Zainab se ye sukhan
ہاتھ اپنا رکھ کے واں کیا زینبؑ سے یہ سخن

Kholo tabarrukat ka sandooq ae behan
کھولو تبرکات کا صندوق اے بہن

Hur par hai sidq-o-mehr-o-muhabbat ka khatima
حر پر ہے صدق و مہر و محبت کا خاتمہ

Zakhmi gale pe baandhoon ga rumal-e-Fatima
زخمی گلے پہ باندھوں گا رومال فاطمہؑ

As he was saying this, the King of the age saw
a river of blood surging from Hurr's throat;
laying his hand on it, he said to Zainab (a),
'Sister, open the chest of sacred relics;
in Hurr truth, kindness and love reach their crown;
I will bind the kerchief of Fatima (a) on his wounded throat.'

Free to read, copy and share

128

Rumal Fatima ka jo zeb-e-galoo hua — رومال فاطمہؑ کا جو زیب گلو ہوا

Afzoon galoo-e-Hur ki hui zeenat-o-ziya — افزوں گلوئے حر کی ہوئی زینت و ضیا

Tha bazqa-e-Rasool-e-Khuda ka ye mojiza — تھا بضقۂ رسول خدا کا یہ معجزا

Ne zakhm ka asar tha na tha khoon ka pata — نے زخم کا اثر تھا نہ تھا خون کا پتا

Ummat ne kuchh na parda-e-Aal-e-Aba kiya — امت نے کچھ نہ پردۂ آل عبا کیا

Zahra ki bahuon betiyon ko be rida kiya — زہراؑ کی بہوؤں بیٹیوں کو بے ردا کیا

When the kerchief of Fatima (a) adorned his throat,
the beauty and radiance of Hurr's throat grew greater;
this was a miracle of her who is a part of the Messenger of God:
no trace of the wound was left, nor any sign of blood.
The community showed no regard for the veils of the Family of the Cloak;
they stripped the veils from the daughters and daughters-in-law of Zahra (a).

129

Bas ae Dabeer chaak farishton ki jaib hai — بس اے دبیرؔ چاک فرشتوں کی جیب ہے

Is nazm se ayan hai ke taeed-e-ghaib hai — اس نظم سے عیاں ہے کہ تائید غیب ہے

Apne sukhan ki aap sana sakht aib hai — اپنے سخن کی آپ ثنا سخت عیب ہے

Tujh par karam Husain ka be shubha-o-raib hai — تجھ پر کرم حسینؑ کا بے شبہ و ریب ہے

Khaliq se keh ke arz ye meri qubool ho — خالق سے کہہ کہ عرض یہ میری قبول ہو

Marne ke baad shah ki ghulami husool ho — مرنے کے بعد شہ کی غلامی حصول ہو

Enough, Dabeer: the angels have torn their collars;
this poem shows it has help from the unseen;
to praise one's own verse oneself is a grave fault;
beyond all doubt the grace of Husain (a) is upon you.
Say to the Creator, 'Accept this plea of mine:
after death may I be granted the service of the King.'

Printed from https://fzic.org/library/noha/jab-sarnigoon-hua-alam-e-kahkashan-e-shab-50013 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.